Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد17 | پیر ، 9 نومبر 2026ء ، 28 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 196

بی آئی ایس پی کی مالی معاونت خیرات نہیں بلکہ مستحق خاندانوں کا حق ہے

ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی سے مستفید ہو رہے ہیں، بینظیر ہنر مند پروگرام کے ذریعے مستحق خاندانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، سینیٹر روبینہ خالد

ون لنک کے ذریعے انٹرآپریبلٹی کی سہولت کے تحت خواتین کسی ایک بینک یا علاقے تک محدود نہیں ہوں گی بلکہ ملک بھر میں شریک بینکوں کے مجاز ریٹیلرز سے رقم وصول کر سکیں گی



چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے دورہ بدین کے دوران سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان اور مقامی بلدیاتی نمائندوں سے ملاقات کی

بدین (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے دورہ بدین کے دوران سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان اور مقامی بلدیاتی نمائندوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور تجاویز سنیں اور بی آئی ایس پی کے مختلف اقدامات پر آگاہی دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی سے (بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم شہباز شریف کا یومِ اقبال، 149واں یومِ پیدائش پر پیغام

علامہ اقبال نے مسلمانانِ برصغیر میں سیاسی شعور بیدار کیا، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) یومِ اقبال کے پُرمسرت موقع پر شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کو دلی خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ علامہ اقبال نے مسلمانانِ برصغیر میں سیاسی شعور بیدار کیا تاکہ وہ اپنی جداگانہ قومی شناخت کو پہچان سکیں۔ اسی منفرد تشخص کے شعور نے حصولِ وطن کی جدوجہد میں کلیدی کردار ادا کیا۔ علامہ اقبال اعلیٰ اوصاف کی حامل شخصیت تھے۔ بلاشبہ علامہ اقبال جیسے عظیم فلسفی و مدبر کے افکار تمام نوجوانوں اور آئندہ نسلوں کی ذہنی (بقیہ نمبر 8)

فرخ خان کا مولانا فضل الرحمان سے علیحدگی کا اعلان

جو بھی شخص پاک فوج یا قومی اداروں کے خلاف بات کریگا اسے لاتعلقی اختیار کرینگے، فرخ خان کھوکھر

لاہور (این این آئی) مولانا فضل الرحمان کے پاک فوج سے متعلق بیانات سے اختلاف کرتے ہوئے فرخ خان کھوکھر نے جمعیت علمائے اسلام (ف) سے علیحدگی کا اعلان کرتے ہوئے قومی اداروں کے ساتھ وابستگی برقرار (بقیہ نمبر 21)

وی آئی پی وزٹ پر امتحانات ملتوی کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز کا نوٹس لیا

کسی اعلیٰ شخصیت، سکیورٹی وزٹ کے دوران عام عوام، بالخصوص طالب علموں کو کسی قسم کی تکلیف، تعلیمی حرج کا سامنا نہیں ہونا چاہیے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وی آئی پی وزٹ کے باعث کمپیوٹر سائنس کے ضمنی امتحان کو ملتوی کرنے کی کوشش پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا کو عہدے سے ہٹا دیا۔ (بقیہ نمبر 20)

23ویں ایشین ٹیم اسکوائش چیمپئن شپ کا اختتام

پاکستان اور ہانگ کانگ نے بالترتیب مردوں اور خواتین کے ٹائٹلز اپنے نام کر لیے

اسلام آباد (این ای این) پاکستان نے 23ویں ایشین ٹیم اسکوائش چیمپئن شپ 2026 کے میزبان ٹیم ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ مصحف اسکوائش کمپلیکس، اسلام آباد میں کھیلے گئے سنسنی خیز فائنل میں پاکستان نے کوریا (بقیہ نمبر 9)





پاکستان اسکوائش فیڈریشن کے صدر، ایئر مارشل کاظم حماد 23ویں ایشین ٹیم اسکوائش چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا دورہ، مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع و سنگجانی انٹرچینج منصوبے پر 35 فیصد کام مکمل

سنگجانی انٹرچینج کی تعمیر تیز

سنگجانی انٹرچینج انڈر پاس کا سٹرکچرل ورک اور 4 کلورٹس مکمل، 2.7 کلومیٹر لمبی شاہراہ پر کام تیزی سے جاری، کام کے معیار پر اطمینان کا اظہار، مقررہ مدت میں تکمیل کے لیے تمام رکاوٹیں دور کرنے کا حکم

منصوبے کی تکمیل سے کے پی کے، ایبٹ آباد، مانسہرہ اور اسلام آباد ایئرپورٹ جانے والے شہریوں کو آسان رسائی حاصل ہوگی، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے متعلقہ سینئر افسران کے ہمراہ مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع و سنگجانی انٹرچینج منصوبے کے مختلف مقامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے متعلقہ سینئر افسران اور مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع (ایکسٹینشن) و سنگجانی انٹرچینج منصوبے کا دورہ کیا۔ متعلقہ سینئر سیکشنز کا تفصیلی جائزہ و معائنہ کیا۔ متعلقہ سینئر افسران نے چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کو اس منصوبے پر ابتک 24/7 تعمیراتی سرگرمیاں روزانہ کی بنیاد پر بھرپور طریقے سے جاری ہیں۔ مجموعی طور پر اس منصوبے پر ابتک 35 فیصد (بقیہ نمبر 19) ہونے والی پیشرفت سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس منصوبہ کے مختلف سیکشنز پر



وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزیراعظم یوتھ بزنس اور ایگریکلچر لون اسکیم کے جائزہ اجلاس

نوجوانوں کے لئے تاریخی مالیاتی پیکیج

قرض کی حد ڈھائی کروڑ روپے مقرر، خواتین اور کم عمر نوجوانوں کے لیے خصوصی رعایتیں

قرضہ جات کی رقم میں ریکارڈ اضافہ، 30 فیصد زنانہ کوٹہ اور سمیڈا کی تکنیکی معاونت کا اعلان

اسلام آباد (این ای این) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزیراعظم یوتھ بزنس اور ایگریکلچر لون اسکیموں کا جائزہ اجلاس وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزیراعظم یوتھ بزنس لون اسکیم اور وزیراعظم یوتھ ایگریکلچر لون اسکیم کے تحت نوجوانوں (بقیہ نمبر 18)

ایم پی اے ملک تنویر اسلم اعوان کی کاوشیں رنگ لے آئیں

تحصیل چوآسیدن شاہ کے نواحی گاؤں چھمی کیلئے 83 لاکھ روپے کے فنڈز جاری، نکاسیٔ آب کے نالے اور گلی کی تعمیر کے ٹینڈر مکمل، عملی کام شروع

ڈی ایس پی ریٹائرڈ چوہدری افتخار اور چوہدری عامر کی خصوصی کاوشیں، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن کی دلچسپی سے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآسیدن شاہ کے نواحی گاؤں چھمی کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لیے 83 لاکھ روپے کے ترقیاتی فنڈز جاری کر دیے گئے۔ ایم پی اے ملک تنویر اسلم اعوان کی خصوصی کاوشوں سے نکاسیٔ آب کے لیے نالے کی تعمیر (بقیہ نمبر 10)

شعبہ انگریزی کے 50 سے زائد سابق طلبہ کی ریونین تقریب

گورنمنٹ گریجویٹ کالج اصغر مال میں شعبہ انگریزی کے سابق طلبہ کی ریونین، پرنسپل کا سابق طلبہ پر مادرِ علمی کی بہتری میں کردار ادا کرنے پر زور

پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر تنویر احمد خان کھچی کا خطاب، سابق طلبہ کو مادرِ علمی کی بہتری میں کردار ادا کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) گورنمنٹ گریجویٹ کالج اصغر مال کے شعبہ انگریزی کے 50 سے زائد سابق طلبہ ہفتہ کے روز شعبے میں منعقدہ ریونین میں جمع ہوئے، جہاں انہوں نے طالب علمی کے دور کی یادیں تازہ کیں اور پرانے ہم جماعتوں اور اساتذہ سے ملاقات کی۔ تقریب 1982، 1987، 1995، 2001 اور 2015 سمیت مختلف بیچز کے سابق طلبہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر طلبہ اور طالبات دونوں شریک ہوئے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کالج کے پرنسپل پروفیسر (بقیہ نمبر 13) شعبہ انگریزی کے زیر اہتمام منعقد ہوئی، جس کی قیادت صدر شعبہ پروفیسر نوید عباس بخاری نے کی۔ پروفیسر غلام مرتضیٰ، پروفیسر راشد مسعود اور دیگر اساتذہ بھی موجود تھے۔ تقریب میں



گورنمنٹ گریجویٹ کالج اصغر مال راولپنڈی کے شعبہ انگریزی ادب کی منعقدہ ری یونین تقریب میں سابق طلباء وطالبات کا پرنسپل پروفیسر تنویر احمد خان کھچی، پروفیسر نوید عباس بخاری اور پروفیسر خالد لطیف کے ہمراہ گروپ فوٹو

تاجر برادری ملکی معیشت کا اہم ستون ہے، یوسف راجپوت

جو قومی خزانے میں ٹیکسوں کی مد میں نمایاں حصہ ڈالنے کے ساتھ لاکھوں افراد کیلئے روزگار کے مواقع بھی پیدا کر رہی ہے

صدر ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا جدید پارکنگ پلازوں کی تعمیر، تجاوزات کے خاتمے، صفائی، سیکیورٹی اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کا مطالبہ

اسلام آباد (این ای این) صدر ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن بلیو ایریا یوسف راجپوت نے کہا ہے کہ تاجر برادری ملکی معیشت کا اہم ستون ہے جو قومی خزانے میں ٹیکسوں کی مد میں نمایاں حصہ ڈالنے کے ساتھ لاکھوں افراد کے لیے روزگار کے مواقع بھی پیدا کر رہی ہے۔ حکومت قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے والے کاروباری طبقے کو محض ٹیکس دہندہ سمجھنے کے بجائے معاشی ترقی میں اپنا شراکت دار تصور کرے اور انہیں ٹیکسوں کے تناسب سے بہتر شہری و کاروباری سہولیات، مراعات اور سازگار ماحول فراہم کرے۔ حکومت اور (بقیہ نمبر 16)



صدر ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن بلیو ایریا یوسف راجپوت تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

HEC کی شاندار کارکردگی، 2 چاندی اور 2 کانسی کے تمغے جیت لیے

2000 میٹر مقابلوں میں لائٹ ویٹ ویمنز پیئر اور اوپن مکسڈ پیئر میں چاندی، جبکہ لائٹ ویٹ میز اور مکسڈ پیئر میں کانسی کے تمغے حاصل کیے

کھیل نوجوانوں کی شخصیت سازی، ٹیم ورک اور عزم کو پروان چڑھاتے ہیں، یونیورسٹی آئندہ بھی معاونت جاری رکھے گی، وی سی پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف

راولپنڈی (این ای این) گیارویں قومی انڈور مین اینڈ ویمن روئنگ چیمپئن شپ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کی ٹیم نے دو چاندی اور دو کانسی کے تمغے حاصل کر لیے۔ چیمپئن شپ میں ایچ ای سی کی ٹیم مینجمنٹ کی ذمہ داری راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کو سونپی گئی، جبکہ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ چیمپئن شپ کا انعقاد پاکستان روئنگ فیڈریشن اور ڈائریکٹوریٹ آف اسپورٹس، پاکستان آرمی کے اشتراک سے کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 14)



وائس چانسلر راولپنڈی ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کا گیارہویں قومی انڈور مین اور ویمن روئنگ چیمپئن شپ کے موقع پر کھلاڑیوں اور ٹیم آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

دنیا کی بلند ترین چیخ کا اعزاز برطانوی خاتون کے نام

لندن (این این آئی) برطانیہ میں 1987 سے بطور ٹان کرائر) عوامی اعلانات کرنے والی منادی (خدمات انجام دینے والی خاتون نے 105.9 ڈیسی بل کی آواز میں چیخ کر دنیا کی سب سے بلند آواز میں چیخنے والی خاتون کا گنیز ورلڈ ریکارڈ نام کر لیا۔ بر (بقیہ نمبر 23)

داؤدخیل میں جنگلی حیات کے شکار پر مکمل پابندی عائد

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے نواحی علاقہ داؤدخیل کا پھاڑی سلسلہ قدرتی معدنیات سے مالا مال ہے، تو وہاں جنگلی حیات بھی اپنا ثانی نہیں رکھتیں جن میں اڑیال ہرن، سیاہ اور بھورے تیتر وہیں ملک کا نایاب پنجاب اڑیال جابہ پھاڑوں کو منفرد حسن ہے، جس کی نسل تیزی سے ناپید ہو رہی ہے، حکومت پنجاب (بقیہ نمبر 24)

ایران میں 3 افراد کو سزائے موت دے دی گئی

تہران (این این آئی) ایرانی دارالحکومت تہران میں 3 افراد کو سزائے موت دے دی گئی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق تینوں افراد پر جنوری میں حکومت مخالف مظاہروں میں پرتشدد سرگرمیوں کے الزامات تھے۔ تینوں (بقیہ نمبر 22)

سکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشتگرد ہلاک

بنوں (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے ضلع بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 4 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں عزم استحکام وژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں بنوں (بقیہ نمبر 27)

پاکستانی ہائی کمشنر کا ڈھاکہ میں فیشن نمائش کا دورہ

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش میں پاکستان کے ہائی کمشنر عمران حیدر نے ڈھاکہ میں منعقدہ فیشن نمائش دی فیسٹیو ڈھاکا کا ایڈیٹ کا دورہ کیا اور پاکستانی و بنگلادیشی ڈیزائنرز سے ملاقات کی۔ پاکستانی ہائی کمیشن ڈھاکہ کے مطابق نمائش کا انعقاد ایس ایس ایڈٹ (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبہ پر ترقیاتی کام تیزی سے جاری

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبہ فیض آباد تا گلبرگ تک کی کشادگی و بحالی کے منصوبہ پر ترقیاتی کام تیزی سے (بقیہ نمبر 17)

نامعلوم افراد فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل اور پانچ سالہ بیٹا شہید

ٹانک (این این آئی) ٹانک کے محلہ خدر یانوالہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل اور اس کا پانچ سالہ بیٹا شہید ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق پولیس کانسٹیبل سعادت اپنے بیٹے کے ہمراہ بازار سے سودا سلف لینے جا رہے تھے کہ (بقیہ نمبر 29)

یوم اقبال ونومبر

مفکرِ پاکستان، شاعرِ مشرق

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

GovtofPakistan @govtofpak www.moib.gov.pk

PID(I)4313-D/26

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

افغانستان سے پولیو کا خطرہ

افغانستان میں پولیو کے بڑھتے ہوئے کیسز پاکستان کی برسوں پر محیط انسدادِ پولیو کوششوں کیلئے خطرہ بنتے جا رہے ہیں۔ پاکستان انسدادِ پولیو پروگرام کے مطابق ملک میں سیوریج کے 29 نمونوں میں افغانستان سے منتقل ہونیوالے پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے جبکہ کراچی' جامشورو' راولپنڈی اور ملتان تک اس وائرس کی موجودگی سامنے آ چکی ہے۔ ضلع خیبر میں رپورٹ ہونیوالے تینوں پولیو کیسز کا جینیاتی تعلق بھی افغانستان سے ثابت ہوا ہے۔ حکام کے مطابق غیر قانونی راستوں سے پاکستان میں دراندازی کرنیوالے افغان باشندے اپنے ساتھ پولیو وائرس کی منتقلی کا باعث بنتے ہیں۔ پاکستان نے پولیو کے خاتمے کیلئے قومی سطح پر متعدد اقدامات کیے ہیں۔ سال بھر میں بار بار ویکسی نیشن مہمات کا انعقاد اور گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلانا اسی عزم کا اظہار ہیں۔
تاہم دوسری طرف افغانستان میں گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین پلانے کا سلسلہ اکتوبر 2024ء سے معطل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ افغانستان میں رواں سال پولیو کے پچاس جبکہ پاکستان میں صرف نو کیس رپورٹ ہوئے ہیں۔ عالمی ادارۂ صحت اور عالمی انسدادِ پولیو پروگرام کو افغانستان پر مؤثر پولیو ویکسی نیشن کیلئے دباؤ ڈالنا چاہیے جبکہ حکومت پاکستان کو پاک افغان سرحدی گزرگاہوں اور غیر قانونی راستوں کی مؤثر نگرانی اور متاثرہ علاقوں میں ہنگامی ویکسی نیشن یقینی بنانی چاہیے۔

ووٹ' جمہوری معاشروں کی اصل طاقت

رشید صافی

امریکی انتخابات تو ہمیشہ سے ہی دنیا بھر کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل رہے ہیں مگر اسرائیلی انتخابات کو عموماً خبروں کی حد تک ہی دیکھا جاتا تھا' لیکن اس بار اسرائیلی انتخابات پر بھی پوری دنیا کی نظریں بڑی شدت کے ساتھ مرکوز تھیں۔ عالمی سطح پر اس غیر معمولی توجہ کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی جارحانہ اور توسیع پسندانہ پالیسیوں کو دنیا بھر میں انتہائی تنقیدی نظروں سے دیکھا جا رہا ہے۔ مسلم ممالک کے ساتھ ساتھ مغربی معاشروں میں بھی نیتن یاہو کی پُرتشدد پالیسیوں پر کھل کر تنقید کی گئی۔ اگرچہ اسرائیل میں یہودیوں کی اکثریت ہے اور یہ حقیقت ہے کہ وہاں جو بھی نیا حکمران آئے گا وہ بہرحال یہودیوں ہی کا نمائندہ ہو گا' اس کے باوجود عام لوگ اور باشعور طبقہ اب نیتن یاہو کو آئندہ کے لیے ملک کے وزیراعظم کے طور پر دیکھنے کے لیے بالکل تیار نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسرائیلی انتخابات کے فوراً بعد وہاں کی عرب جماعتوں کی جانب سے گاڈی آئزن کوٹ کی بطور وزیراعظم حمایت کا اعلان محض اتفاق نہیں تھا بلکہ یہ اسی جانب اٹھایا گیا قدم تھا تاکہ بنجمن نیتن یاہو کو دوبارہ اقتدار میں آنے سے ہر ممکن طریقے سے روکا جا سکے۔
امریکہ میں ہونے والے حالیہ مڈٹرم انتخابات کو بھی اسی تناظر میں خاص اہمیت حاصل ہے کہ دنیا مشرقِ وسطیٰ جنگ اور اس کے نتیجے میں جنم لینے والے تباہ کن معاشی اثرات سے تنگ آ چکی ہے۔ اس حقیقت سے قطع نظر کہ مڈٹرم الیکشن کے نتیجے میں ڈیموکریٹس کو کانگریس میں برتری حاصل ہوئی ہے اور ریپبلکنز نے دونوں ایوانوں میں اپنی برتری کھو دی ہے' آئینی مدت کے مطابق 20 جنوری 2029ء تک ڈونلڈ ٹرمپ ہی امریکہ کے صدر رہیں گے۔ اس کے باوجود ریپبلکن پارٹی کی شکست پر دنیا نے سکھ کا سانس لیا ہے کیونکہ کرۂ ارض کے باسی امن کے خواہاں ہیں۔ اگرچہ ابھی یہ حتمی طور پر معلوم نہیں ہے کہ مشرقِ وسطیٰ جنگ آگے چل کر کیا شکل اختیار کرتی ہے تاہم مڈٹرم الیکشن کے فوری بعد جو پیغام پوری دنیا میں گیا ہے وہ یہ ہے کہ امریکی عوام نے بالآخر ان سیاسی چہروں کو یکسر مسترد کر دیا ہے جو براہِ راست یا بالواسطہ دنیا کو تباہی کے دہانے میں دھکیلنے کے ذمہ دار ہیں۔ یہ پاکستان کا اصولی مؤقف بھی ہے' چین کا دیرینہ مؤقف ہے اور دنیا کے ہر امن پسند و ذمہ دار ملک کا مؤقف یہی ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق امریکہ نے چین سے ایران جنگ ختم کرانے میں کردار ادا کرنے کی درخواست کی ہے۔
حقیقت یہ ہے کہ مشرقِ وسطیٰ جنگ سے دنیا کے اکثر ممالک بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ اس طویل جنگ کے عالمی معیشت پر جو شدید منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں' اس سے شاید ہی دنیا کا کوئی خطہ یا ملک محفوظ رہ سکا ہو۔ امریکہ اور اسرائیل کے ان انتخابات میں اس سیاسی و عسکری اتحاد کو عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے' جس نے خطے میں اس تباہ کن جنگ کا آغاز کیا تھا۔ اگر یہ اتحاد حالیہ انتخابات میں کامیاب ہو جاتا تو ایک بڑی اور تباہ کن عالمی جنگ کے خطرات بے حد بڑھ جاتے۔ لہٰذا اس خطرناک تسلسل کا راستہ روکنے کے لیے دنیا بھر میں اس اتحاد کے خلاف آوازیں اٹھنے لگیں۔ چونکہ اس کا حتمی اختیار صرف اسرائیل اور امریکی عوام کے ہاتھوں میں ہی تھا لہٰذا دونوں ممالک میں عوامی سطح پر سیاسی شعور دیکھنے میں آیا۔ عوام نے جارحانہ مزاج کے حامل حکمرانوں کو یہ پیغام دیا کہ وقت آنے پر ووٹرز اپنے حقِ رائے دہی کا بھرپور اور درست استعمال کر کے ان کے عزائم کو خاک میں ملا سکتے ہیں۔ یہی دراصل جمہوریت کی روح ہے' جس کا اصل اور بنیادی مرکز عوام کی طاقت ہوتی ہے' مگر اس سیاسی طاقت کے بہترین اور درست استعمال کا اصل وقت صرف اور صرف پولنگ کا دن ہوتا ہے۔ مغربی ممالک میں جمہوریت ہماری نسبت کافی مضبوط ہے۔ امریکی عوام اور اسرائیل کے اندر موجود عرب ووٹرز نے اس موقع پر انتہائی بیداری کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے ووٹ کی طاقت سے ایسی زبردست ضرب لگائی جس سے نہ صرف ان کے اپنے مستقبل کا فیصلہ تبدیل ہوا ہے بلکہ اس کے مثبت اثرات پوری دنیا پر مرتب ہوں گے۔
امریکہ اور اسرائیل میں یہ انتخابی مرحلہ طے ہو چکا مگر اب سب سے اہم سوال یہ ہے کہ کیا اس کے بعد دنیا دوبارہ اپنی معمول کی ڈگر پر لوٹ سکے گی؟ کیا دنیا 28 فروری 2026ء سے پہلے والے پُرامن حالات کی طرف واپس جانے کے قابل ہو سکے گی؟ امریکی اور اسرائیلی انتخابات کے فوری بعد جو سب سے خوش آئند تبدیلی دیکھنے کو ملی وہ یہ ہے کہ امریکی صدر کے خلاف مواخذے کا عوامی مطالبہ اب زور پکڑ رہا ہے جبکہ ٹرمپ کے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کو بھی ان کے منصب سے ہٹائے جانے کے امکانات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔ اگرچہ یہ اتنا آسان کام بھی نہیں ہے تاہم عوامی سطح پر ایسے علامتی مطالبات اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جو آگے چل کر شدت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ دوسری طرف اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو بھی قانون کے کٹہرے میں لا کر جیل میں ڈالے جانے کے امکانات زیرِ بحث ہیں۔ ان تمام حقائق سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں ممالک کے عوام نے مجموعی طور پر تشدد اور جنگوں پر مبنی سیاست کو مسترد کیا ہے۔ دنیا کو مسلسل جنگوں اور سنگین معاشی مسائل میں دھکیلنے والے ان رہنماؤں کا عروج تو ختم ہو ہی چکا ہے' اس کے ساتھ ساتھ ان کا سیاسی کیریئر بھی اپنے انجام کو پہنچتا دکھائی دے رہا ہے۔
امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے نائب صدر جے ڈی وینس نے بالآخر اس حقیقت کو تسلیم کر لیا ہے کہ انتخابی شکست کی وجہ ایران جنگ' مہنگائی اور پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ ہے۔ دوسری طرف امریکی صدر ٹرمپ نے مڈٹرم انتخابات کے حوالے سے یہ دعویٰ کیا ہے کہ محض ایک انتخابی عمل یا کشمکش کی وجہ سے امریکہ کو معاشی طور پر تین ٹریلین ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑا۔ حالانکہ یہ خسارہ الیکشن کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کے اپنے دورِ اقتدار کی معاشی ترجیحات اور پالیسیوں کا نتیجہ تھا جسے عوام نے مسترد کرنے میں کوئی دیر نہیں لگائی۔ عالمی معیشت پر امریکی مڈٹرم الیکشن کے مثبت اور خوش آئند اثرات مرتب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے اور یہ سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ معاشی بہتری کے یہ آثار اب ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں اور ظاہر ہے کہ کسی تباہ حال معیشت کو مکمل طور پر ٹھیک ہونے میں کچھ عرصہ درکار ہوتا ہے۔ اصل معاملہ اب بھی پائیدار امن کا قیام اور اس جاری جنگ کا مستقل خاتمہ ہے۔
مڈٹرم انتخابات میں ریپبلکن پارٹی نے اگرچہ کانگریس میں اپنی اکثریت کھو دی ہے تاہم ڈونلڈ ٹرمپ بدستور ملک کے صدارتی منصب پر فائز ہیں اور امریکی آئین کے تحت صدر کو انتہائی وسیع انتظامی اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ اسی طرح امریکی نظام حکومت میں خارجہ اور داخلی پالیسیاں ایک خاص تسلسل کے ساتھ آگے بڑھتی رہتی ہیں۔ اگرچہ مڈٹرم انتخابات میں ڈیموکریٹس نے واضح اکثریت حاصل کر لی ہے لیکن ماضی میں ڈیموکریٹس کی اپنی عسکری پالیسیوں بالخصوص مسلم دنیا کے حوالے سے جارحانہ رویے سے کون واقف نہیں؟ یہی وجہ ہے کہ مڈٹرم انتخابات میں سخت عوامی مؤقف سامنے آنے کے باوجود جنگ کے خاتمے کے حوالے سے فوری تبدیلیوں کے امکانات واضح نہیں۔ اگر امریکی صدر اپنی سابقہ جارحانہ پالیسیوں پر کاربند رہتے ہیں تو خطے میں بڑی جنگ کے خطرناک سائے بدستور منڈلاتے رہیں گے۔ مشرقِ وسطیٰ اور پوری دنیا کو اس تباہ کن جنگ سے نکالنا ہی اس پوری جدوجہد کی اصل اور حقیقی کامیابی کہلائے گی۔

مڈٹرم شکست کے بعد

عمران یعقوب خان

جو کچھ ہوا وہ غیر متوقع نہیں۔ گزشتہ دو برسوں سے اور ذرا وسیع تر تناظر میں دیکھا جائے تو پچھلی ایک دہائی کے دوران امریکہ کے اندر اور عالمی سطح پر جو کچھ ہو رہا تھا' بلکہ یہ کہنا بہتر رہے گا کہ جو کچھ کیا جا رہا تھا اس کے دور رس اثرات و نتائج کے بارے میں تمام ذی شعور طبقے اتنے ہی عرصے سے خبردار بھی کرتے چلے آ رہے تھے۔
امریکہ میں مڈٹرم الیکشن کے نتائج ان اثرات میں سے ایک ہیں' یا شاید یہ کہنا بہتر ہو کہ یہ ان اثرات کے سامنے آنے کا آغاز ہیں۔ ڈیموکریٹک پارٹی نے امریکی کانگریس کے ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں میں اکثریت حاصل کر لی ہے جبکہ ریپبلکن پارٹی کی کارکردگی مایوس کن رہی' جسے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیلئے ایک بڑا سیاسی دھچکا قرار دیا جا رہا ہے۔
امریکہ کے مڈٹرم انتخابات میں ڈونلڈ ٹرمپ اور ریپبلکن پارٹی کی شکست محض ایک انتخابی ناکامی نہیں بلکہ امریکی داخلی سیاست اور خارجہ پالیسی کیلئے ایک اہم موڑ بھی ہے۔ ڈیموکریٹس نے ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں میں کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ اس نئی صورتحال میں ٹرمپ کیلئے اپنی پالیسیوں کو سابق رفتار سے جاری رکھنا مشکل ہو سکتا ہے' خصوصاً ایران کے ساتھ جاری جنگ کے معاملے میں۔ امریکی مڈٹرم الیکشن کے نتائج واشنگٹن کی اندرونی سیاست کے ساتھ ساتھ عالمی برادری پر بھی گہرے اثرات مرتب کریں گے۔ ریپبلکن پارٹی کی ہار سے صدر ٹرمپ کو اپنی صدارت کے باقی دور میں قانون سازی اور پالیسی نفاذ کے شدید بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ معیشت کو لے کر عوامی سطح پر پایا جانے والا گہرا عدم اطمینان ظاہر کرتا ہے کہ امریکی ووٹر اب محض سیاسی نعروں کے بجائے اپنی جیب اور روزگار کو ترجیح دے رہا ہے اور اسی عنصر نے الیکشن کے نتائج کا رخ متعین کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نائب صدر جے ڈی وینس' دونوں نے وسط مدتی انتخابات میں اپنی پارٹی کی شکست کو نہ صرف تسلیم کیا بلکہ یہ بھی کہا کہ وہ جانتے ہیں کہ اس شکست کی وجہ ایران کے ساتھ امریکہ کی جنگ ہے۔ یہ بھی بالکل سامنے کی بات ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ اس ہار کی وجہ سے ریپبلکن پارٹی کے شدید ترین دباؤ میں ہیں جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وائٹ ہاؤس میں ہنگامی میٹنگیں ہو رہی ہیں اور صلاح مشورے کیے جا رہے ہیں۔ ٹرمپ اس وجہ سے بھی دباؤ میں ہیں کہ اب ڈیموکریٹک پارٹی والے ان کا مواخذہ کرنے کی پوزیشن میں آ چکے ہیں اور انہوں نے ٹرمپ کی پالیسیوں کے احتساب کا اعلان بھی کیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا اس شکست سے سبق سیکھتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ جنگ کے بارے میں اپنی سٹرٹیجی تبدیل کریں گے؟ اس کا فی الحال کوئی واضح اور ٹھوس جواب نہیں دیا جا سکتا لیکن آئندہ چند روز میں صدر ٹرمپ کی جانب سے جن پالیسیوں یا اقدامات کا اعلان کیا جائے گا ان سے واضح ہو جائے گا کہ آگے کیا ہونے والا ہے۔
شکست کے باوجود اور دوٹوک فیصلوں کا اختیار کھو دینے کے باوجود ٹرمپ کے سامنے کئی راستے موجود ہیں۔ آئندہ کیا ہوتا ہے؟ اس کا انحصار اس بات پر ہو گا کہ ٹرمپ کیا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ ایک راستہ یہ ہے کہ وہ انتخابی شکست کے باوجود ایران کے خلاف سخت مؤقف برقرار رکھیں۔ وہ ایران کی جوہری تنصیبات' فوجی مراکز یا دیگر اہم اہداف پر مزید حملوں کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ امریکی جریدے بلومبرگ کے مطابق امریکہ اور اسرائیل کے انتخابات کے بعد ٹرمپ ایران کے خلاف بڑے حملوں کا حکم دے سکتے ہیں اور وہ اس کی تیاری بھی کر رہے ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ وہ انتخابی شکست کے بعد اپنی طاقت اور عسکری برتری کا تاثر برقرار رکھنا چاہیں گے' لیکن یہ سٹرٹیجی اپنانے کے خطرات بہت زیادہ ہیں کیونکہ ایران امریکی مفادات' اسرائیل اور خلیجی خطے میں امریکی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کر سکتا ہے۔ اس کا ایران نے اعلان بھی کیا ہے۔ اس سے ایک محدود جنگ وسیع علاقائی تصادم میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ ایک بڑی عالمی جنگ کا بھی باعث بن سکتی ہے۔ اگر امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر ایٹمی حملے کرنے کی کوشش کی تو ٹرمپ کی رہی سہی ساکھ بھی داؤ پر لگ جائے گی۔
دوسرا راستہ سفارت کاری ہے۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا' انتخابی شکست نے ٹرمپ پر داخلی دباؤ بڑھا دیا ہے۔ امریکی عوام میں جنگ' مہنگے ایندھن اور معاشی اخراجات کے حوالے سے بے چینی سامنے آئی ہے۔ دوسری جانب یورپ میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے احتجاجی تحریکیں زور پکڑ رہی ہیں' اور سب جانتے ہیں کہ یہ سب ایران امریکہ جنگ کے شاخسانے ہیں جو صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بے سوچے سمجھے شروع کی۔ یہ دباؤ ٹرمپ کو ایران کے ساتھ کسی معاہدے کی طرف دھکیل سکتا ہے۔ ٹرمپ ایران کے ساتھ کسی ایسے معاہدے کی کوشش کر سکتے ہیں جس میں ایران کے جوہری پروگرام پر پابندیاں عائد ہوں' آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت بحال ہو' دونوں ممالک جنگ بندی پر متفق ہوں اور امریکی پابندیوں میں مرحلہ وار نرمی کے امکانات پیدا ہوں۔ ایسا معاہدہ ٹرمپ کو تو جنگ سے نکلنے کا سیاسی راستہ دے سکتا ہے لیکن ایران اپنی شرائط پر سمجھوتے کیلئے تیار ہونے کا پابند نہیں ہے۔ ساتھ ہی ساتھ یہ زمینی حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ بڑھتی ہوئی معاشی کمزوری ایران کو امریکہ کیساتھ کسی سمجھوتے تک پہنچنے کا راستہ فراہم کر دے۔
اس شکست کے بعد ٹرمپ کا گرین لینڈ اور کینیڈا کو فتح کرنے کا خواب شرمندۂ تعبیر ہونے سے رہ جائے گا۔ صدر ٹرمپ مختلف مواقع پر کہہ چکے ہیں کہ ایران کے معاملے کو حل کرنے کے بعد کیوبا کا حساب چکایا جائے گا اور ضرورت پڑنے پر مغربی نصف کرۂ ارض میں امریکی مفادات کیلئے فوجی طاقت استعمال کی جا سکتی ہے۔ اب ضروری نہیں کہ ڈیموکریٹس ٹرمپ کو اپنے یہ منصوبے مکمل کرنے دیں۔
یہ تو ہیں جنگ کے معاملات' اب یہ دیکھتے ہیں کہ مڈٹرم شکست اور کیا کیا نتائج لا سکتی ہے۔ ڈیموکریٹس اب کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت رکھتے ہیں۔ جنوری 2027ء میں نئی کانگریس کے فعال ہونے کے بعد ڈیموکریٹس ٹرمپ کی ایران پالیسی کی سخت نگرانی کر سکتے ہیں۔ وہ دفاعی بجٹ اور جنگی اخراجات محدود کرنے' جنگ کے قانونی جواز پر تحقیقات کرنے اور انتظامیہ سے جواب طلب کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس کے علاوہ وزرا اور اہم سرکاری عہدیداروں کی نامزدگیوں میں بھی رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ یوں ٹرمپ کو اپنی انتظامیہ کے اندر بھی سیاسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہ درست ہے کہ اگلے سال جنوری میں صدر ٹرمپ کے اختیارات پر کچھ قدغن لگ جائیں گے' اس کے باوجود وہ امیگریشن' تجارت' خارجہ پالیسی اور دفاعی معاملات میں انتظامی احکامات کے ذریعے اپنے ایجنڈے کو آگے بڑھانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اتنا کرنا ٹرمپ کے ساکھ بحال کرنے کا سبب بن جائے گا؟
ٹرمپ کی انتخابی شکست کے اثرات صرف امریکہ تک محدود نہیں رہیں گے۔ تہران اس صورتحال کو امریکی پالیسی پر داخلی دباؤ کی علامت سمجھ سکتا ہے اور نئی شرائط پیش کر سکتا ہے۔ امریکی کانگریس میں اسرائیل کیلئے فوجی امداد اور جنگی حکمت عملی پر زیادہ سوالات اٹھ سکتے ہیں۔ چین اور روس' دونوں امریکہ کے داخلی اختلافات اور مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال سے سفارتی فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ سعودی عرب' قطر' عمان' متحدہ عرب امارات اور دوسرے بااثر عرب ممالک خطے میں جنگ بندی اور استحکام کیلئے سفارتی کوششیں بڑھا سکتے ہیں۔ ٹرمپ کی ہار ابراہام اکارڈ کو طاق پر رکھنے کا باعث بھی بن سکتی ہے۔
یہ کہنا غلط نہ ہو گا کہ مڈٹرم کی شکست کے بعد دنیا ایک نئے فیز' ایک نئے مرحلے میں داخل ہو رہی ہے۔ اس نئے مرحلے میں دنیا کی قسمت میں کیا لکھا ہے اس کے ابتدائی خدوخال جاننے کیلئے بس چند روز اور انتظار۔

شوبز SHOWBIZ

''سب کے شوہر ابوبکر ہیں تو پھر زامل جیسے کہاں ہیں؟''، عاصم محمود

اداکاروں کی جانب سے شوہروں کو درنجات کا ابوبکر کہنے پر اداکار کا دلچسپ ردعمل



لاہور (این این آئی) اداکار عاصم محمود نے اداکاروں کی جانب سے شوہروں کو درنجات کا ابوبکر کہنے پر عاصم محمود نے دلچسپ ردعمل دیا ہے۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکار عاصم محمود نے لکھا کہ اگر سب کے شوہر ابوبکر جیسے ہیں تو پھر زامل جیسے کہاں ہیں؟ اداکار کے اس تبصرے پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصرے کیے جا رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں معروف اداکارہ سارہ خان کی جانب سے شوہر فلک شبیر کو ابوبکر کا ابو قرار دیا تھا جبکہ تماشہ 5 کی امیدوار رابعہ جاوید اور رمشا صلاح الدین نے بھی اپنے شوہروں کا موازنہ ابوبکر سے کیا تھا۔ درنجات کے ابوبکر کو خیال رکھنے والے اور سمجھدار مزاج کی وجہ سے سراہا جا رہا اور وہیں زامل کو اپنے رویے اور زریاب کے ساتھ برتاؤ کی بنا پر ناظرین کی تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ڈرامہ درنجات میں شہریار منور نے ابوبکر اور نمیر نواز خان نے زامل کا کردار ادا کیا ہے۔

حمیرا ارشد آسٹریلیا میں بسنت فیسٹیول شوز میں پرفارم کریں گی

آسٹریلیا میں پرفارم کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون گلوکارہ کا اعزاز حاصل کرنے جا رہی ہوں



لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ حمیرا ارشد بسنت فیسٹیول شوز میں اپنی آواز کا جادو جگانے کے لیے جلد آسٹریلیا روانہ ہوں گی جہاں وہ دس روز تک مختلف میوزیکل تقریبات میں پرفارم کریں گی۔ حمیرا ارشد نے بتایا کہ وہ آسٹریلیا میں پرفارم کرنے والی پاکستان کی پہلی خاتون گلوکارہ ہوں گی جو ان کے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی ثقافت اور موسیقی کو فروغ ملنا خوش آئند ہے۔ دلی خواہش ہے کہ نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، سوئٹزرلینڈ اور جرمنی سمیت دیگر ممالک میں بھی میوزیکل شوز کا انعقاد ہو اور ہمارے سفارتخانوں کو اس کے لئے کاوشیں کرنی چاہئیں۔ اس اقدام سے بیرون ممالک پاکستان کا مثبت چہرہ اجاگر کرنے کا موقع ملے گا۔

معروف شاعر جون ایلیا کو مداحوں سے بچھڑے 24 برس بیت گئے

ان کی شاعری آج سوشل میڈیا اور نوجوان نسل کے دلوں کی گہری آواز بن چکی ہے



لاہور (این این آئی) معروف شاعر جون ایلیا کی 24 ویں برسی نہایت عقیدت و احترام سے منائی گئی، جواب ہمارے درمیان موجود تو نہیں لیکن ان کی شاعری نوجوانوں کے دلوں کی گہری آواز بن چکی ہے۔ 14 دسمبر 1931 کو بھارت کے شہر امروہہ میں آنکھیں کھولنے والے سید جون اصغر نے روایتی غزل کو بغاوت، خودکلامی اور تلخ سچائیوں کا نیا آہنگ دیا۔ جون ایلیا محض ایک رومانی شاعر نہیں بلکہ فلسفہ، تاریخ اور منطق کے گہرے شناور تھے، 1957 میں کراچی ہجرت کے بعد انہوں نے انشا نامی رسالے کی ادارت سنبھالی اور عالمی کلاسیک کے تراجم بھی کیے۔ ان کا پہلا شعری مجموعہ شاید، ان کی عمر کے ساٹھویں برس شائع ہوا، جس نے اردو ادب کی دنیا میں دھوم مچا دی، جون ایلیا 8 نومبر 2002 کو کراچی میں جہانِ فانی سے کوچ کر گئے تھے۔ ان کی شاعری آج سوشل میڈیا اور نوجوان نسل کے دلوں کی گہری آواز بن چکی ہے، حیات میں گوشہ نشین رہنے والا یہ بے باک سخنور آج بھی اپنے اشعار کی بازگشت میں پہلے سے کہیں زیادہ زندہ ہے۔

تماشہ سیزن فائیو ختم، شادیوں کی افواہوں کا نیا تماشہ شروع

لاہور (این این آئی) نجی ٹی وی سے پیش کیے گئے ریئلٹی شو تماشہ سیزن فائیو ختم ہوتے ہی شو کے شرکاء کی آپس میں شادیوں اور قربتوں سے متعلق دلچسپ افواہوں کا بازار گرم ہے۔ شو میں شرکت کرنے والے عائشہ اسرا اور زیب خان پہلے ہی شادی کر چکے ہیں اور اب سامعہ حجاب اور یاسر کے درمیان بھی شادی کے حوالے سے بات چیت کی افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ دوسری جانب اداکارہ لیلیٰ اور ڈاکٹر زی کے نام بھی ممکنہ جوڑی کے طور پر زیر بحث ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے تو اس شو کو تماشہ کے بجائے شادیوں کا شو قرار دینا شروع کر دیا ہے۔ مذکورہ شخصیات کی جانب سے ان افواہوں پر کسی طرح کا ردعمل ظاہر نہیں کیا گیا۔

شادی کیلئے وقت یا عمر کے بجائے اچھے انسان کا ملنا زیادہ اہم ہے، علینہ خان

شادی کو نبھانے اور اسے بہتر بنانے کے لیے کی جانے والی کوشش ہی اصل اہمیت رکھتی ہے



کراچی (این این آئی) اداکارہ علینہ خان نے کہا ہے کہ شادی کیلئے وقت یا عمر کی قید کے بجائے اچھے انسان کا ملنا زیادہ اہم ہے۔ ایک انٹرویو میں علینہ خان نے کہا کہ لوگوں نے مجھ سے کہا وہ میرے کردار سے نفرت کر رہے ہیں لیکن ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اس کا مطلب ہے کہ میں بہت اچھا کام کر رہی ہوں، مگر ہم ناز (میرے کردار) کو برداشت نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ منفی کردار ادا کرنے پر مجھے ایک مختلف قسم کا ردعمل ملا، ایسے پیغامات موصول ہوئے جن میں لوگوں نے نازیبا زبان استعمال کی، انہوں نے نفرت بھرے پیغامات بھیجے اور مجھ سے پوچھا کہ میں کیا کر رہی ہوں یا میں کچھ غلط کر رہی ہوں، مجھے بہت سے منفی تبصرے مل رہے ہیں۔ علینہ نے کہا کہ لوگ کردار میں اس قدر مگن ہو جاتے ہیں کہ ان کے لیے حقیقت اور ڈرامے کا فرق دھندلا جاتا ہے، وہ بھول جاتے ہیں کہ یہ

ثقافت کے فروغ کیلئے گلوکارہ میگھا کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، پنکش خان

میگھا کے گیتوں میں پنجابی ثقافت، محبت اور مٹی کی خوشبو نمایاں ہوتی ہے

لاہور (این این آئی) نامور ماڈل پنکش خان نے کہا ہے کہ میگھا پنجابی زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے جتنی کاوشیں کر رہی ہیں وہ قابل ستائش ہیں، گلوکارہ نے اپنے فن کے ذریعے پنجابی زبان کو نہ صرف زندہ رکھا بلکہ اسے نئی نسل تک پہنچانے کے لئے کوشاں ہیں۔ ایک انٹرویو میں پنکش خان نے کہا کہ وہ بہت سے پراجیکٹس میں میگھا کے گائے ہوئے گانوں پر پرفارمنس دے چکی ہیں۔ میگھا کے گیتوں میں پنجابی ثقافت، محبت اور مٹی کی خوشبو نمایاں ہوتی ہے اسی لیے ان کے گانے آج بھی لوگوں میں مقبول ہیں۔ پنکش خان نے کہا کہ فنکاروں کو اپنی مادری زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے اور میگھا اس حوالے سے ایک اچھی مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجابی زبان ہماری ثقافتی شناخت ہے اور اسے آگے بڑھانے کے لیے فنکاروں کی کاوشیں قابل قدر ہیں۔

تھیٹر مافیا کچھ بھی کر سکتا ہے، اب خاموش نہیں رہوں گا' طاہر انجم

آصف اقبال کا انتقال تھیٹر کے لیے بہت بڑا نقصان ہے' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) اسٹیج کے نامور اداکار طاہر انجم نے کہا ہے کہ آصف اقبال کا انتقال تھیٹر کے لیے بہت بڑا نقصان ہے، یہ ایک تسلسل ہے، جس میں مکان کی اینٹیں ایک ایک کر کے گر رہی ہیں، اب اگر میں بات کروں گا تو تھیٹر بھی ہلے گا اور ایوان بھی ہلیں گے، لگتا ہے اب مجھے میدان میں آنا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں طاہر انجم نے کہا کہ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری تھیٹر کے معاملات کے حوالے سے بھرپور کوششیں کر رہی ہیں اور بہت اچھا کام کر رہی ہیں، تھیٹر والے نہیں بلکہ صرف فنکار پریشان ہیں، یہاں جو حکومتیں آتی رہی ہیں تھیٹر کے لئے دو ماہ کی مہم چلتی تھی، بعدازاں حکومت اور بیوروکریسی کو ٹریپ کر کے ڈی ٹریک کر دیا جاتا تھا۔ عظمیٰ بخاری انتہائی قابل وزیر ہیں اور وزیراعلیٰ پنجاب کی مضبوط ٹیم کا حصہ ہیں۔

موسیقار ماسٹر غلام حیدر کی 73 ویں (آج) منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) معروف موسیقار ماسٹر غلام حیدر کی 73 ویں آج 9 نومبر بروز (پیر) کو منائی جائے گی۔ 1908 میں نارووال میں پیدا ہونے والے غلام حیدر نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز بمبئی فلم انڈسٹری سے کیا۔ معروف گلوکارہ شمشاد بیگم، نور جہاں اور لتا منگیشکر ان کے شاگردوں میں شامل تھیں۔ انہوں نے مختلف مشہور فلموں کے لیے موسیقی ترتیب دی جن میں یملا جٹ، خزانچی، پونجی، شہید، ہمایوں اور مجبور شامل ہیں۔ 1947 میں آزادی کے بعد وہ لاہور واپس آ گئے اور پاکستان فلم انڈسٹری سے منسلک ہو گئے۔ ان کی پہلی پاکستانی فلم شاہدہ تھی۔

سپورٹس SPORTS



راولپنڈی: قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

بھارت کے فاسٹ بالر محمد شامی کا ٹیسٹ کرکٹ کو خیرباد کہنے کا اعلان

ٹیسٹ کرکٹ محض کھیل کا ایک فارمیٹ نہیں بلکہ زندگی کا انتہائی خاص حصہ رہی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فاسٹ بولر محمد شامی نے ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا، 36 سالہ کھلاڑی نے دس سالہ کیریئر میں 64 ٹیسٹ میچز کھیل کر 229 وکٹیں حاصل کیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق محمد شامی نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے جذباتی پیغام میں ٹیسٹ کرکٹ کو خیرباد کہنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹ ان کے لیے محض کھیل کا ایک فارمیٹ نہیں بلکہ زندگی کا انتہائی خاص حصہ رہی ہے۔ محمد شامی نے کہا کہ اس سفر میں حاصل ہونے والی ہر وکٹ، ہر مشکل، انجری اور کم بیک نے انہیں بہت کچھ سکھایا۔ انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران ملنے والی محبت اور حمایت پر مداحوں کا شکریہ بھی ادا کیا۔ محمد شامی نے 2013 میں ویسٹ انڈیز کے خلاف کولکتہ ٹیسٹ سے اپنے ٹیسٹ کیریئر کا آغاز کیا تھا۔ انہوں نے اپنا آخری ٹیسٹ جون 2023 میں آسٹریلیا کے خلاف اوول کے میدان میں کھیلا۔ بھارتی فاسٹ بولر نے 10 سالہ ٹیسٹ کیریئر میں 64 میچز کے دوران 229 وکٹیں حاصل کیں۔

لیونل میسی مسلسل دو سیزن میں گولڈن بوٹ جیتنے والے پہلے فٹبالر بن گئے

میسی نے رواں سیزن میں 26 گول کر کے ٹاپ اسکورر کا اعزاز اپنے نام کیا

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی نے میجر لیگ سوکر میں نئی تاریخ رقم کر دی، وہ مسلسل دو سیزن میں گولڈن بوٹ جیتنے والے پہلے فٹبالر بن گئے ہیں۔ میسی نے رواں سیزن میں 26 گول کر کے ٹاپ اسکورر کا اعزاز اپنے نام کیا جبکہ گزشتہ سیزن میں انہوں نے 29 گول کے ساتھ گولڈن بوٹ جیتی تھی۔ اس کامیابی کے ساتھ میسی ایم ایل ایس کی تاریخ میں دو مرتبہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے چھٹے کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔


وسیم اکرم کے صاحبزادے تیمور اکرم نے امریکی حریف کو چت کر دیا

بطور باپ رنگ سے باہر بیٹھ کر یہ سب کچھ دیکھنا کسی اعصابی امتحان سے کم نہیں تھا

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور لیجنڈری فاسٹ بولر وسیم اکرم کے صاحبزادے تیمور اکرم نے مکسڈ مارشل آرٹس کے اہم مقابلے میں اپنے امریکی حریف کو شکست دے کر کیریئر کی مسلسل چوتھی کامیابی اپنے نام کر لی ہے۔ امریکہ میں منعقدہ اس فائٹ میں دونوں کھلاڑیوں کے مابین زبردست معرکہ دیکھنے میں آیا۔ تین راؤنڈز تک جاری رہنے والے اس سنسنی خیز مقابلے کے دوران دونوں فائٹرز نے ایک دوسرے پر بھرپور وار کیے تاہم اختتام پر ججز نے پوائنٹس کی بنیاد پر تیمور اکرم کو متفقہ طور پر فاتح قرار دے دیا۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم نے اپنے بیٹے کی شاندار پیش قدمی پر سماجی رابطوں کی مختلف ویب سائٹس پر خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے مسرت اور فخر کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ ایک انتہائی کڑا اور شاندار مقابلہ تھا جس کے بعد حاصل ہونے والی جیت پر انہیں اپنے بیٹے پر بے پناہ فخر ہے۔ سابق کپتان نے کہا کہ تین راؤنڈز پر مشتمل یہ لڑائی یقیناً آسان نہیں تھی اور بطور باپ رنگ سے باہر بیٹھ کر یہ سب کچھ دیکھنا کسی اعصابی امتحان سے کم نہیں تھا لیکن تیمور نے جس غیر معمولی ہمت، عزم اور فائٹنگ اسپرٹ کا ثبوت دیا وہ قابل تحسین ہے جس کی بدولت پوائنٹس پر کامیابی حاصل ہوئی۔ وسیم اکرم نے کہا کہ بیٹے کی کامیابی پر جو خوشی محسوس ہو رہی ہے اسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔

اذان اویس، عبداللہ فضل ٹیسٹ کرکٹ میں مستقل مزاجی سے رنز بنانے والے کھلاڑی بن سکتے ہیں، شان مسعود

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق ٹیسٹ کپتان شان مسعود نے نوجوان اوپننگ بلے بازوں اذان اویس اور عبداللہ فضل کی اس صلاحیت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ وہ ٹیسٹ کرکٹ میں مستقل مزاجی سے رنز بنانے والے کھلاڑی بن سکتے ہیں، دونوں کھلاڑیوں نے اپنے ابتدائی بین الاقوامی مقابلوں کے دوران نمایاں صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ اذان اویس جنہوں نے رواں سال کے اوائل میں اپنے پہلے ہی ٹیسٹ میچ میں سنچری اسکور کی تھی، اب تک پاکستان کے لیے سات ٹیسٹ میچ کھیل چکے ہیں اور 25.50 کی اوسط سے 357 رنز بنائے ہیں۔ عبداللہ فضل نے دو ٹیسٹ میچ کھیلے ہیں جن میں انہوں نے 35.25 کی اوسط سے 141 رنز بنائے ہیں، جس میں دو نصف سنچریاں بھی شامل ہیں۔ ان کے مستقبل کے امکانات کے حوالے سے شان مسعود نے کہا کہ ان کے لیے اصل سوال یہ ہے کہ کیا وہ ٹیسٹ کرکٹ میں مستقل مزاجی دکھا سکتے ہیں؟ میرا خیال ہے کہ ان میں ایسا کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ سابق کپتان نے نشاندہی کی کہ کرکٹ کے طویل ترین فارمیٹ میں خود کو منوانے کے لیے طویل عرصے تک مسلسل اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ضروری ہے۔ ان دونوں کھلاڑیوں میں سے کسی کو بھی سری لنکا اور انگلینڈ کے خلاف حال ہی میں کھیلی گئی ون ڈے سہ فریقی سیریز کے لیے منتخب نہیں کیا گیا تھا، جو پاکستان نے کامیابی سے جیتی تھی۔ اس کے بعد، قومی سلیکٹرز نے آئندہ آنے والے بین الاقوامی مقابلوں کے پیشِ نظر اسکواڈ میں کچھ تبدیلیاں کی ہیں۔



ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1
شریف نے واضح کیا کہ سیکیورٹی انتظامات کے نام پر کسی رہائشی گلی کو بند یا سیل نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی مقامی رہائشیوں کی نقل و حرکت پر کوئی پابندی عائد ہوگی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سیکیورٹی کے تمام انتظامات خاموشی اور غیر محسوس انداز میں کیے جائیں تاکہ دورے کے دوران عام شہریوں، تاجروں اور کاروباری طبقے کو کسی قسم کی پریشانی یا دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیراعلیٰ نے خبردار کیا کہ ان ہدایات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 2
توڑ کر سیکیورٹی کیمرہ اور سرکاری ٹیبلٹ چوری کر لیا۔ مسلسل پیش آنے والی چوری کی وارداتوں پر شہری حلقوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گھروں اور سرکاری تعلیمی اداروں کا محفوظ نہ ہونا تشویشناک ہے۔ شہریوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وارداتوں کی روک تھام، ملزمان کی گرفتاری اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 3
کر اپنے شوہر کو واقعے سے آگاہ کیا۔ درخواست گزار کی استدعا پر گوجرخان پولیس نے مقدمہ درج کر کے واقعے کی مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 4
میں دو کروڑ روپے سے زائد جمع کروا چکے ہیں اور اگر مزید کوئی واجبات بقایا تھے تو باقاعدہ تحریری نوٹس دے کر ادائیگی کا موقع دیا جانا چاہیے تھا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اس کارروائی سے ان کی کاروباری ساکھ اور معاشرتی عزت متاثر ہوئی، جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نوٹس لینے اور کمشنر راولپنڈی سے اعلیٰ سطحی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے کمیٹی تشکیل دینے کا مطالبہ بھی کیا۔ دوسری جانب بلڈنگ آفیسر انعام مصطفیٰ نے ٹیلیفونک مؤقف میں رقم طلب کرنے اور رشوت کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے ان کی تردید کی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے کسی سے کسی قسم کی رقم طلب نہیں کی اور پلازہ مالکان کی جانب سے واجبات کی ادائیگی پر آمادگی ظاہر کرنے اور متعلقہ کارروائی کے بعد پلازہ ڈی سیل کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فیسوں کی ادائیگی آن لائن چالان اور کمپیوٹرائزڈ نظام کے تحت ہوتی ہے۔ دونوں جانب سے سامنے آنے والے متضاد مؤقف کے بعد عوامی حلقوں نے بلدیہ کے اس سیل اور ڈی سیل کے پراسرار کھیل پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے دوٹوک مؤقف اپنایا ہے کہ اگر واجبات واقعی بقایا تھے تو پلازہ راتوں رات کس طرح ڈی سیل کیا گیا، شہریوں کا کہنا ہے کہ راجہ جاوید اخلاص کی درخواست پر لوکل گورنمنٹ کی آڈٹ رپورٹ میں پہلے ہی بلدیہ گوجرخان کے کرپٹ نیٹ ورک اور غیر قانونی پلازوں کا کچا چٹھا بے نقاب ہو چکا ہے، مگر کرپشن کا بازار گرم رکھنے والے مگرمچھوں کو آج تک لگام نہیں ڈالی جا سکی۔ عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس مبینہ لین دین اور سیلنگ ڈی سیلنگ کے پورے گورکھ دھندے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کروائی جائیں تاکہ سرکاری خزانے پر ڈاکہ ڈالنے والوں اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے والے کرداروں کو بے نقاب کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے۔

بقیہ 5
معاملے کا پس منظر یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر جہلم کی جانب سے 6 نومبر 2026ء کو چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کو ایک خط ارسال کیا گیا تھا، جس میں 10 نومبر کو گورنمنٹ کمپری ہینسو اسکول جہلم میں ہونے والے انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول امتحانات 2026ء کے کمپیوٹر سائنس کے پہلے اور دوسرے گروپ کے پرچوں کے لیے امتحانی مرکز تبدیل کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ خط میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے متوقع وی آئی پی دورے اور ٹریفک کے دباؤ کے باعث طلبہ اور ان کے والدین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، لہٰذا امتحانات ملتوی کرنے کے بجائے انہیں کسی دوسرے مناسب امتحانی مرکز میں منتقل کر دیا جائے تاکہ طلبہ کا تعلیمی نقصان نہ ہو اور وہ بلا رکاوٹ امتحان دے سکیں۔ تاہم یہ درخواست وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے تناظر میں تنازع کا باعث بن گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے بیان میں کہا کہ انہوں نے واضح ہدایات جاری کر رکھی تھیں کہ صوبے کے کسی بھی ضلع کے دورے کے دوران عوام کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو اور نہ ہی معمولاتِ زندگی متاثر ہوں۔ اس کے باوجود امتحانی مرکز کی تبدیلی کے لیے خط لکھا جانا ان کی ہدایات کی خلاف ورزی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے اس معاملے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کا اعلان کیا، جس کے بعد چیف سیکرٹری پنجاب ظہیر اختر زمان کے دستخط سے باقاعدہ تبادلے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق میر رضا اوزگن کو ڈپٹی کمشنر جہلم کے عہدے سے فوری طور پر ہٹا کر محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن پنجاب رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسماء اعجاز کو نیا ڈپٹی کمشنر ضلع جہلم بنا دیا گیا ہے۔

بقیہ 6
اور میڈیا کے باہمی اشتراک کو عوامی مسائل کی مؤثر نشاندہی، پولیس کارکردگی کی شفاف عکاسی اور جرائم کی روک تھام کے لیے اہم قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میڈیا معاشرے کی آنکھ اور کان ہے اور اس کے ساتھ مضبوط رابطہ کاری سے عوامی اعتماد اور پولیسنگ کے نظام کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ میٹ دی پریس کے دوران ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کو بہتر پولیس سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او نے بتایا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں جاری ہیں جبکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، غیر قانونی پارکنگ کی روک تھام اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے پیشہ ور بھکاریوں اور منظم بھکاری گروہوں کے خلاف مؤثر کارروائی، کرایہ داروں اور دیگر اضلاع سے روزگار کے لیے آنے والے افراد کے اندراج، پولیس خدمت مراکز اور موبائل پولیس وین سے استفادے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ چکوال شہر کے اہم بازاروں اور داخلی و خارجی راستوں پر پولیس پٹرولنگ مزید مؤثر بنائی جا رہی ہے تاکہ اسٹریٹ کرائم کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ ڈی پی او نے تمام تھانوں کے عملے کو سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی، عزت و احترام اور میرٹ پر مبنی رویہ اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، ہراسانی اور استحصال میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی ہوگی۔ انہوں نے منشیات فروشوں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن اور نوجوان نسل کو منشیات کے نقصانات سے محفوظ رکھنے کو بھی پولیس کی اہم ترجیحات میں شامل قرار دیا۔ ڈی پی او محمد عاصم کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، جرائم کا خاتمہ اور انصاف کی بروقت فراہمی پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، فرائض میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے ٹریفک قوانین کی پابندی کرنے اور ضلع میں امن و امان کے قیام کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کی اپیل بھی کی۔

بقیہ 7
مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ مالی معاونت خیرات نہیں بلکہ مستحق افراد کا حق ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق بی آئی ایس پی شفاف انداز میں کام کر رہا ہے اور اس کی باقاعدہ نگرانی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی پر بے جا تنقید کرنے والے بعض اداروں اور جماعتوں کے چندہ جمع کرنے کے نظام میں آڈٹ اور جوابدہی کا نظام موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی شناختی کارڈ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا عوام کے لیے عظیم تحفہ ہے۔ بی آئی ایس پی کی بدولت خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر میں بڑی تعداد میں خواتین شناختی کارڈ بنوا کر پروگرام میں رجسٹرڈ ہوئی اور ہو رہی ہیں۔ چیئرپرسن نے کہا کہ خواتین کو مزید بااختیار بنانے کے لیے بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت مستفید خاندانوں، بالخصوص خواتین اور نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ روزگار کے بہتر مواقع حاصل کر کے معاشی طور پر خودمختار بن سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ بینظیر تعلیمی وظائف پروگرام سے ایک کروڑ 20 لاکھ بچے جبکہ بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت 22 لاکھ خواتین مستفید ہو رہی ہیں۔ سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان سے ملاقات میں انہوں نے مسائل اور شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو ترجیحی بنیادوں پر ان کے حل کی ہدایت کی۔ ڈیجیٹل والٹ نظام پر بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 1LINK کے ذریعے انٹرآپریبلٹی کی سہولت کے تحت خواتین کسی ایک بینک یا علاقے تک محدود نہیں ہوں گی بلکہ ملک بھر میں شریک بینکوں کے مجاز ریٹیلرز سے رقم وصول کر سکیں گی۔ اس سے ادائیگیوں میں شفافیت، سہولت اور مالی شمولیت کو فروغ ملے گا۔ اس موقع پر ایم پی ایز حاجی تاج محمد ملاح، میر اللہ بخش ٹالپر، ارباب امان اللہ، تنزیلہ ام حبیبہ قمبرانی اور بی بی یاسمین شاہ سمیت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کاشف رضا منگی، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر سرفراز سموں، بی آئی ایس پی افسر عبدالقدیر مہیسر، سول سوسائٹی اور بلدیاتی نمائندگان بھی موجود تھے۔

بقیہ 8
کشادگی اور فکری بالیدگی کا باعث ہیں۔ مفکرِ اسلام کی حیثیت سے علامہ اقبال نے اسلامی تعلیمات کی فکری جہتوں کو موضوع بحث بنایا۔ علامہ اقبال کے اسلامی افکار مسلمانوں کو عملی رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ حکومت آج سے اگلے سال 9 نومبر تک علامہ اقبال کی ولادت کی ڈیڑھ سوویں سالگرہ منائے گی۔ حکومت سال بھر کے لئے قومی اور بین الاقوامی تقریبات پر مشتمل خصوصی پروگرام کا باضابطہ آغاز کر رہی ہے، جس میں بین الاقوامی کانفرنسیں، علمی و تحقیقی مذاکرے، ادبی میلے، نمائشیں، تعلیمی مقابلے اور ثقافتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ ان تقریبات کا مقصد اقبال کے فکری ورثے کو نئی نسلوں میں منتقل کرنا ہے۔ حکومت پُرعزم ہے کہ فکرِ اقبال ہمارے تعلیمی اداروں، قومی مباحث اور ترقیاتی ترجیحات میں ایک متحرک عنصر کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے۔ فکری بیداری، کردار سازی اور اجتماعی احیائے نو کو بلاشبہ قومی مقاصد کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔ علامہ اقبال کا تصورِ خودی ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ افراد اور اقوام خودشناسی، بامقصد جدوجہد اور روحانی آزادی سے ہی اپنی تقدیر بدل سکتی ہیں۔ علامہ اقبال کو نوجوان نسل پر غیر معمولی اعتماد تھا اور وہ اسے قوم کے مستقبل کا معمار تصور کرتے تھے۔ نوجوانوں کے لئے اقبال کے تصورِ شاہین میں جرأت، خودمختاری، بلند پرواز اور حصولِ کمال کا عزم پنہاں ہے۔ فکرِ اقبال، پائیدار قومی ترقی کے لیے امن، سماجی ہم آہنگی، رواداری اور انصاف کی داعی ہے۔ علامہ اقبال کا فلسفہِ حیات نفرت، انتہاپسندی، فرقہ واریت اور امتیازی سلوک کی نفی کرتا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر مسلم اتحاد، عالمگیر اخوت اور پُرامن بقائے باہمی کا پیغامِ اقبال آج بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان علامہ اقبال کی فکری رہنمائی میں مسلم اُمہ کے درمیان اتحاد و یکجہتی کے فروغ اور بین الاقوامی تنازعات کے پُرامن حل کی حمایت جاری رکھے گا۔ علامہ اقبال کا انفرادی، قومی اور عالمی اقدار پر مبنی لازوال پیغام ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔ آیئے، تجدیدِ عزم کریں کہ پیغامِ اقبال کی تفہیم، اس پر سنجیدہ علمی تحقیق کو تخلیقی فکر کی حوصلہ افزائی اور قومی کردار کو مضبوط بنانے کا ذریعہ بنائیں گے۔

بقیہ 9
کو 0-2 سے شکست دے کر چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ دوسری جانب ہانگ کانگ چائنا نے ویمنز ٹیم ایونٹ کے فائنل میں ملائیشیا کو سخت مقابلے کے بعد 1-2 سے ہرا کر ٹائٹل جیت لیا۔ اس طرح پانچ روز تک جاری رہنے والے سنسنی خیز اسکواش مقابلوں کا اختتام ہوا، جن میں ایشیا کے بہترین کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیرِ اہتمام اور پاک فضائیہ کی سرپرستی میں منعقد ہونے والی یہ براعظمی چیمپئن شپ 03 سے 07 نومبر 2026 تک جاری رہی۔ ٹورنامنٹ کے دوران کھلاڑیوں نے غیر معمولی کھیل، بہترین جسمانی استعداد اور جیت کے عزم کا مظاہرہ کیا، جبکہ شریک ٹیموں کے مابین ایشیائی سطح پر برتری حاصل کرنے کے لیے سخت مقابلے دیکھنے میں آئے۔ مینز ٹیم ایونٹ کے فائنل میں پاکستان کی شاندار کامیابی قومی سطح پر ایک قابلِ فخر سنگِ میل ہے، جو عالمی اسکواش میں پاکستان کے ماضی کے درخشاں مقام کی بحالی کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ ایشین اسکواش فیڈریشن کے نائب صدر عادل جاسم الغریب نے اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور کامیاب ٹیموں اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں اور میڈلز تقسیم کیے۔ تقریب میں اسکواش کے نامور سابق کھلاڑیوں، پاکستان اسکواش فیڈریشن کے اعلیٰ عہدیداران، شریک ممالک کے نمائندگان، کھلاڑیوں، کوچز اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات سمیت شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پاکستان اسکواش فیڈریشن کے صدر، ایئر مارشل کاظم حماد نے پاکستان کی اس تاریخی کامیابی کو سراہتے ہوئے کہا کہ قومی ٹیم نے ایک دہائی کے طویل وقفے کے بعد ایشیائی اسکواش کا اعزاز دوبارہ اپنے نام کیا ہے۔ انہوں نے اس شاندار کامیابی کو سربراہ پاک فضائیہ کی مسلسل سرپرستی اور بھرپور معاونت کا نتیجہ قرار دیا، جو ملک بھر میں اسکواش کے فروغ کے لیے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے بالخصوص نوجوان اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے، انہیں اپنی صلاحیتوں کے منوانے کے مواقع فراہم کرنے اور پاکستان کا عالمی اسکواش میں کھویا ہوا مقام بحال کرنے کے لیے ایئر چیف کی مستقل سرپرستی اور ادارہ جاتی معاونت کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ پاک فضائیہ قومی کھیل اسکواش کے شاندار ماضی کی بحالی اور اس کے عالمی تشخص کو دوبارہ اجاگر کرنے کے لیے مسلسل مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔ ادارہ جاتی سرپرستی، عالمی معیار کے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی فراہمی اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی بھرپور معاونت کے ذریعے پاک فضائیہ پاکستان میں اسکواش کے فروغ اور ترقی کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ سربراہ پاک فضائیہ کی سرپرستی میں عالمی اسکواش میں پاکستان کی تاریخی بالادستی کی بحالی کے لیے مربوط اور مؤثر کوششوں کو نئی تقویت ملی ہے۔ ایشیا کی اس چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد اور مینز ٹیم ایونٹ میں پاکستان کی شاندار فتح اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ پاک فضائیہ کھیلوں کے اعلیٰ معیار کے فروغ اور قومی اسکواش کے احیاء کے لیے اپنے عزم پر ثابت قدم ہے۔

بقیہ 10
اور عرصہ دراز سے تعطل کا شکار گلی کی تکمیل کے منصوبوں پر عملی پیش رفت شروع ہوگئی ہے۔ دونوں ترقیاتی منصوبوں کی ٹینڈرنگ کا عمل مکمل ہونے کے بعد گلی کی تعمیر کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ ان منصوبوں کے حصول میں ڈی ایس پی ریٹائرڈ چوہدری افتخار اور چوہدری عامر کی خصوصی کاوشیں نمایاں رہیں، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال نے بھی عوامی مسئلے کے حل کے لیے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے اپنا کردار ادا کیا۔ نکاسی آب کے نالے کی تعمیر سے متعدد گھروں کو درپیش دیرینہ مسئلہ حل ہوگا، جبکہ گلی کی تکمیل سے ملحقہ آبادی کو آمدورفت کی بہتر سہولت میسر آئے گی۔ بالخصوص بارشوں کے موسم میں گلی کی خستہ حالی کے باعث طلبہ وطالبات سمیت مقامی آبادی کے لیے گزرنا انتہائی دشوار ہو جاتا تھا اور روزمرہ معمولات متاثر ہوتے تھے۔ ترقیاتی فنڈز کے اجرا اور تعمیراتی سرگرمیوں کے آغاز پر اہلیانِ ججھمی نے ایم پی اے ملک تنویر اسلم اعوان، ڈی ایس پی ریٹائرڈ چوہدری افتخار، چوہدری عامر اور اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ نالے اور گلی کی تعمیر مقررہ معیار کے مطابق جلد مکمل کی جائے تاکہ علاقے کے عوام کو دیرینہ مشکلات سے مستقل نجات مل سکے

بقیہ 11
منگل کو کمپیوٹر سائنس کے صبح اور شام کے دونوں پرچے ضلع جہلم کے تمام امتحانی مراکز میں پہلے سے جاری کردہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق منعقد ہوں گے۔ لہٰذا ضلع جہلم کے کسی بھی امتحانی مرکز میں مذکورہ پرچے ملتوی نہیں ہوں گے۔ کنٹرولر امتحانات نے مزید کہا کہ طلباء وطالبات اپنے مقررہ امتحانی مراکز میں جاری کردہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق بروقت حاضری یقینی بنائیں تاکہ امتحانی عمل معمول کے مطابق مکمل کیا جا سکے۔

بقیہ 12
گکھڑ فیڈریشن کے چیئرمین راجہ خوشحال کیانی اور سینئر نائب صدر بریگیڈیئر (ر) محمد عامر کیانی نے قاسم محمود مغل کی فلاحی کاوشوں، انسان دوستی اور عوامی خدمت کے جذبے کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر قاسم محمود مغل نے کہا کہ ان کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت معاشرے میں صحت، فلاح و بہبود اور مستحق افراد کی مدد کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔ انہوں نے انٹرنیشنل گکھڑ فیڈریشن کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حوصلہ افزائی اور پذیرائی ان کے لیے باعثِ اعزاز ہے اور وہ آئندہ بھی فلاحی سرگرمیوں میں اپنا حصہ ڈالتے رہیں گے۔ تقریب کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور مستحق افراد کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 13
ڈاکٹر تنویر احمد خان کھچی نے سابق طلبہ کو خوش آمدید کہا اور کالج کے سابق طلبہ کے ساتھ مضبوط اور فعال رابطہ قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اسے ایک صحت مند روایت قرار دیا۔ انہوں نے سابق طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنی مادرِ علمی کی خدمات کو مزید بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ پرنسپل نے ریونین کے کامیاب انعقاد پر مس عتیقہ اختر اور پروفیسر نوید عباس بخاری سمیت دیگر سابق طلبہ کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ اس موقع پر پروفیسر نوید عباس بخاری نے کہا کہ وہ طویل عرصے بعد شعبہ انگریزی کے سابق طلبہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے اعزاز اور عاجزی محسوس کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ریونین ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنے کی کوشش ہے جہاں تمام سابق طلبہ اکٹھے ہو کر آنے والی نسل کی بہتری کے لیے اپنی یادیں اور تجربات شیئر کر سکیں۔ شعبے کے استاد اور سابق طالب علم پروفیسر محمد الحسن نے ان اساتذہ اور سابق طلبہ کو خراجِ تحسین پیش کیا جنہوں نے اس مادرِ علمی سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد شعبے کا نام روشن کیا۔ انہوں نے فیکلٹی اور سابق طلبہ کے مرحوم ارکان کے لیے دعا بھی کروائی اور ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا کی۔ بی ایس انگلش کے طلبہ کی تیار کردہ ایک مختصر دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی، جس میں شرکاء کو شعبے کے قیام، نمایاں سابق طلبہ اور اساتذہ کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ بعد ازاں سابق طلبہ نے کالج میں ایم اے انگلش لٹریچر کے دوران اپنی یادیں، تجربات اور جمع کردہ تاریخی لحات شیئر کیے۔ اس سے قبل سابق طلبہ نے شعبے کا دورہ کیا اور نوتعمیر شدہ کانفرنس ہال، تزئین و آرائش شدہ کلاس رومز، فیکلٹی روم اور صدر شعبہ کے دفتر کا معائنہ کیا۔

بقیہ 14
اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی شخصیت سازی اور ان کی ہمہ جہت ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کھیلوں میں شرکت سے نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، قیادت، عزم اور مثبت مسابقت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے، جو انہیں عملی زندگی میں بھی بہتر کارکردگی دکھانے کے قابل بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے میدان میں کامیابی انفرادی صلاحیت کے ساتھ اجتماعی کوشش، باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کا نتیجہ ہوتی ہے۔ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور قومی سطح پر آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ وائس چانسلر نے کھیلوں کے فروغ کے لیے متعلقہ اداروں کی کوششوں کو بھی سراہا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے آئندہ بھی ہر ممکن سہولت اور معاونت فراہم کرتی رہے گی۔ چیمپئن شپ کے مقابلوں میں ایچ ای سی کی ٹیم نے لائٹ ویٹ ویمنز پیئر اور اوپن مکسڈ پیئر کے 2000 میٹر مقابلوں میں چاندی کے تمغے حاصل کیے، جبکہ لائٹ ویٹ مینز پیئر اور لائٹ ویٹ مکسڈ پیئر کے 2000 میٹر مقابلوں میں کانسی کے تمغے اپنے نام کیے۔ ایچ ای سی کی ٹیم مینجمنٹ کی ذمہ داری راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کو سونپا جانا قومی سطح پر کھیلوں کے فروغ میں یونیورسٹی کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرتا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی خصوصی توجہ اور سرپرستی میں یونیورسٹی کی جانب سے اس ذمہ داری کو مؤثر انداز میں انجام دینے کے لیے انتظامی و تنظیمی معاونت فراہم کی گئی۔

بقیہ 15
شاہراہوں، اندرونی گلیوں، بازاروں، تجارتی مراکز، رہائشی علاقوں اور مختلف تحصیلوں میں خصوصی صفائی آپریشن کیا گیا۔ اس دوران سڑکوں کی واشنگ، مکینیکل سویپنگ، مینول سویپنگ، ویسٹ لفٹنگ، سڑکوں کے کناروں اور درمیانی حصوں کی صفائی، ڈرین ڈی سلٹنگ اور خالی پلاٹوں سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کے خصوصی اقدامات کیے گئے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی اور موسمی بیماریوں کے پھیلاؤ کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔ آپریشن ٹیموں نے مختلف علاقوں میں معمول کی صفائی کے ساتھ خصوصی صفائی سرگرمیاں بھی انجام دیں۔ سڑکوں اور شاہراہوں کی مکینیکل سویپنگ کے ذریعے گرد و غبار اور مٹی کو صاف کیا گیا جبکہ مینول سویپنگ کے ذریعے سڑکوں کے اطراف، فٹ پاتھوں، گرین بیلٹس، کناروں اور درمیانی حصوں کی صفائی یقینی بنائی گئی۔ مختلف مقامات پر سڑکوں کی واشنگ کی گئی اور جمع شدہ کوڑا کرکٹ بروقت اٹھا کر ویسٹ ٹرانسفر اسٹیشنز تک منتقل کیا گیا۔ اسی طرح نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے نالوں اور ڈرینز کی ڈی سلٹنگ، گلیوں اور محلوں کی صفائی اور خالی پلاٹوں سے کوڑا کرکٹ و دیگر آلائشوں کو ہٹانے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے مختلف علاقوں اور صفائی آپریشن کے مقامات کے دورے کیے اور فیلڈ میں جاری صفائی سرگرمیوں، عملے کی حاضری، مشینری کی دستیابی، گاڑیوں کی کارکردگی اور ویسٹ لفٹنگ کے نظام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے آپریشن افسران اور فیلڈ سٹاف کو ہدایت کی کہ صفائی کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، تمام علاقوں میں مقررہ شیڈول کے مطابق صفائی یقینی بنائی جائے اور جمع ہونے والے کوڑے کو فوری طور پر اٹھایا جائے۔ آپریشنل افسران اور متعلقہ فیلڈ ٹیموں نے بھی مختلف علاقوں کا دورہ کر کے صفائی انتظامات کی نگرانی کی اور موقع پر موجود عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ کمیونیکیشن ٹیم نے بھی شہر کے مختلف بازاروں، تجارتی مراکز، رہائشی علاقوں اور عوامی مقامات پر صفائی، انسدادِ سموگ اور اینٹی ڈینگی کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم چلائی۔ ٹیم نے دکانداروں، تاجروں، شہریوں، راہگیروں اور گھریلو افراد کو صفائی برقرار رکھنے، کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالنے، گھروں اور دکانوں کے اطراف صفائی یقینی بنانے، پانی جمع نہ ہونے دینے اور ڈینگی کی افزائش کے ممکنہ مقامات ختم کرنے کے حوالے سے آگاہ کیا۔ شہریوں کو یہ پیغام بھی دیا گیا کہ سڑکوں، گلیوں، نالوں اور خالی پلاٹوں میں کوڑا پھینکنے سے گریز کریں اور صفائی کے عملے کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اینٹی لٹرنگ سکواڈ نے بھی مختلف بازاروں، تجارتی مراکز، شاہراہوں اور دیگر اہم مقامات پر کارروائیاں جاری رکھیں۔ اس دوران کوڑا کرکٹ کھلے عام پھینکنے، سڑکوں اور خالی پلاٹوں میں گندگی پھیلانے اور کوڑا جلانے والے عناصر کی نشاندہی کر کے انہیں وارننگز جاری کی گئیں، شہریوں اور دکانداروں کو واضح کیا گیا کہ کوڑا کرکٹ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور کھلی جگہوں پر پھینکنا نہ صرف ماحول کو آلودہ کرتا ہے بلکہ اس سے سموگ، فضائی آلودگی اور بیماریوں کے پھیلاؤ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ انسدادِ سموگ مہم کے تحت سڑکوں، گرین بیلٹس، فٹ پاتھوں اور اطراف کے علاقوں سے مٹی اور گرد و غبار صاف کرنے کے لیے مکینیکل سویپنگ اور واشنگ پر خصوصی توجہ دی گئی جبکہ کوڑا کرکٹ اور دیگر فضلہ جلانے کی روک تھام کے لیے اینٹی لٹرنگ سکواڈ کو متحرک رکھا گیا۔ اسی طرح انسداد ڈینگی مہم کے تحت گلیوں، محلوں، خالی پلاٹوں اور نکاسی آب کے مقامات کی صفائی کے ساتھ شہریوں کو پانی کھڑا نہ ہونے دینے اور ممکنہ افزائشی مقامات ختم کرنے کی ترغیب دی گئی۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی شہر اور تمام تحصیلوں میں صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 16
کاروباری برادری کے درمیان مضبوط روابط، مسلسل مشاورت اور باہمی اعتماد ہی ایسے فیصلوں کی بنیاد بن سکتے ہیں جو تجارت، صنعت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں معاون ہوں۔ گزشتہ روز ایسوسی ایشن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلیو ایریا وفاقی دارالحکومت کا ایک اہم تجارتی و کاروباری مرکز ہے، جہاں ہزاروں تاجر، کاروباری ادارے اور سرمایہ کار ملکی معیشت میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ اس تجارتی مرکز کی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے ضروری ہے کہ سی ڈی اے، وفاقی حکومت اور تاجر نمائندوں کے درمیان مستقل رابطے اور مشاورت کا مؤثر نظام قائم کیا جائے تاکہ پالیسی سازی سے لے کر ترقیاتی منصوبوں تک تاجروں کی تجاویز اور ضروریات کو اہمیت دی جائے۔ یوسف راجپوت نے کہا کہ بلیو ایریا میں پارکنگ کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے جدید پارکنگ پلازے تعمیر کیے جائیں، ٹریفک کی روانی بہتر بنائی جائے، تجاوزات اور غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ کیا جائے جبکہ سڑکوں، فٹ پاتھوں، اسٹریٹ لائٹس، صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور سکیورٹی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے۔ تجارتی مراکز میں آنے والے خریداروں کو آسان رسائی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے کی جانب سے اسلام آباد کی خوبصورتی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور تجارتی مراکز کی ترقی کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔ وفاقی حکومت کی کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور معاشی استحکام کے لیے کوششیں بھی خوش آئند ہیں، تاہم ان اقدامات کے دیرپا نتائج کے لیے ضروری ہے کہ تاجر برادری کو ہر مرحلے پر اعتماد میں لیا جائے اور ترقیاتی کاموں کے دوران کاروباری سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگی بجلی، بھاری ٹیکسوں، یوٹیلیٹی بلز، بلند کاروباری اخراجات اور پیچیدہ ٹیکس و انتظامی طریقہ کار نے تاجروں کے لیے مشکلات بڑھا دی ہیں۔ حکومت ٹیکسوں کے نظام کو آسان بنائے، بجلی کے نرخوں میں کاروباری طبقے کو ریلیف دے، غیر ضروری فیسوں اور جرمانوں پر نظرثانی کرے اور ٹیکس ادا کرنے والے کاروباری افراد کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔ ٹیکس نیٹ میں اضافے کے ساتھ موجودہ ٹیکس دہندگان کو سہولت اور تحفظ دینا بھی حکومتی پالیسی کا اہم حصہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلیو ایریا میں جدید پارکنگ، منظم لوڈنگ و ان لوڈنگ زونز، ڈیجیٹل سہولیات اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے بہتر شہری انفراسٹرکچر کی فراہمی سے نہ صرف تاجروں کو فائدہ ہوگا بلکہ اسلام آباد کی مجموعی تجارتی شناخت بھی مزید مستحکم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن بلیو ایریا تاجروں کے اجتماعی مفادات کے تحفظ، ان کے مسائل کے حل اور متعلقہ حکومتی اداروں کے ساتھ مؤثر رابطوں کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ ہمارا مقصد حکومت اور تاجر برادری کے درمیان اعتماد اور تعاون کو فروغ دے کر بلیو ایریا کو ایک منظم، محفوظ، جدید اور عالمی معیار کا تجارتی مرکز بنانا ہے۔

بقیہ 17
جاری ہیں۔ مجموعی طور پر ابتک منصوبے کے 28 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل کر لئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کے تحت فیض آباد تا گلبرگ تک تقریباً 9.3 کلومیٹر طویل دوطرفہ تین رویہ کیرج روڈ تعمیر کی جا رہی ہے۔ زیر تعمیر روڈ پر سب گریڈ، سب بیس اور سب بیس (ٹاپ) سمیت کھدائی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کے اہم حصے انڈر پاس کی تعمیر پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔ انڈر پاس کی تمام 153 پائلز کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں، پلوں اور نکاسی آب کے لیے مختلف کلورٹس پر بھی کام تیزی سے جاری ہے۔ چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی ہدایت پر ایکسپریس وے کے ایسٹ کے اطراف ہر قسم کی غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات سمیت غیر مجاز تجارتی سرگرمیوں اور بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزیوں کیخلاف انفورسمنٹ آپریشن بھی تیزی سے جاری ہے۔ آپریشن کے دوران اب تک 58 عمارتیں سربمہر جبکہ سوہان تا کھنہ پل 124 تعمیرات نشاندہی کے بعد مسمار کی گئی ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے ہدایت کی کہ بلڈنگ بائی لاز، اراضی کے استعمال سے متعلق قواعد اور فائر سیفٹی کے لازمی تقاضوں پر سختی اور یکساں انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کے تمام سیکشنز پر بیک وقت تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے دوران کوالٹی کے معیار پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے تعمیراتی کاموں میں معیار کیساتھ رفتار اور شفافیت کا خاص خیال رکھا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سروس روڈ (ایسٹ) کی تکمیل سے اسلام آباد ایکسپریس وے پر ٹریفک کے دباؤ میں نمایاں کمی آئیگی اور اسی طرح شہریوں کو فیول کیساتھ وقت کی بچت بھی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) کے گردونواح میں رہنے والے رہائشیوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم ہونگی۔

بقیہ 18
کو قرضوں کی فراہمی اور اسکیموں پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے یوتھ بزنس اور ایگریکلچر لون اسکیموں کے تحت ذاتی قرضوں کی حد 75 لاکھ روپے سے بڑھا کر ڈھائی کروڑ روپے کر دی، جو آسان اقساط پر فراہم کیے جائیں گے۔ رواں سال ان اسکیموں کے تحت نوجوانوں کو قرضوں کی فراہمی کے لیے مجموعی طور پر 292 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کے لیے کاروباری اور زرعی سرگرمیوں میں مالی معاونت کے مؤثر انتظامات پر وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔ اجلاس میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے، کاروبار کے مواقع فراہم کرنے اور زرعی شعبے میں ان کی شمولیت بڑھانے کے حوالے سے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ قرضوں کی فراہمی کے پروگرام میں خواتین کے لیے 30 فیصد قرضے مختص کیے جائیں تاکہ انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے اور کاروباری سرگرمیوں میں ان کی شمولیت بڑھانے کے مواقع میسر آئیں۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کے لیے قرض حاصل کرنے کی کم از کم عمر کی حد 21 سال سے کم کر کے 18 سال کرنے کی ہدایت کی تاکہ نوجوانوں کو کم عمری میں ہی کاروبار شروع کرنے اور زرعی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) نوجوانوں کو کاروبار کے آغاز، رہنمائی، کاروباری مشاورت اور تکنیکی معاونت سمیت اسکیم کے تحت ہر ممکن معاونت فراہم کرے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو نوجوانوں میں ان اسکیموں، دستیاب مواقع اور حکومتی اقدامات سے متعلق ملک گیر سطح پر وسیع پیمانے پر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان ان سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے، ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں باعزت و پیداواری روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جنوری 2023 سے لے کر اب تک 581341 نوجوانوں کو قرضہ فراہم کیا گیا ہے، جو کہ اس سے پچھلے دس سال کی نسبت 10 گنا زیادہ ہے۔ بریفنگ کے دوران 313.9 بلین کے قرضہ جات دیئے جا چکے ہیں۔ بریفنگ 2026-27 کے دوران 266700 نوجوانوں کو 292 بلین قرضہ دینے کا تخمینہ ہے۔ بریفنگ اجلاس میں وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے امورِ نوجوانان رانا مشہود احمد خان اور وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے سیاسی امور طلحہ برکی نے شرکت کی۔

بقیہ 19
ترقیاتی کام مکمل کر لئے گئے ہیں۔ بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ اس منصوبے میں مرکزی شاہراہ کی کشادگی، توسیع (ایکسٹینشن) تقریباً 2.7 کلومیٹر لمبائی پر تیزی سے کام کیا جا رہا ہے جبکہ مرکزی شاہراہ کیساتھ سروس روڈ پر بھی تیزی سے کام کیا جا رہا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سنگجانی انٹرچینج منصوبے میں شامل انڈر پاس کا سٹرکچرل ورک کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے۔ اسی طرح این فائیو انٹرچینج برج پر دونوں اطراف ایبٹمنٹس کا پائل ورک مکمل کر لیا گیا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ اس منصوبے میں شامل چار کلورٹس کا کام مکمل کر لیا گیا جبکہ ایک کلورٹس پر کام جاری ہے جبکہ منصوبے میں شامل تمام لوپس اور ریمپس پر بھی دن رات تیزی سے کام کیا جا رہا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر سہیل اشرف نے اسلام آباد کا مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع (ایکسٹینشن) و سنگجانی انٹرچینج منصوبے میں ابتک کئے گئے تعمیراتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے تمام حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ منصوبے کے تعمیراتی کاموں میں معیار کیساتھ رفتار اور شفافیت کا خاص خیال رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے اندرون و بیرون شہر سفر کرنے بالخصوص خیبر پختونخوا سے آنے والے شہریوں کو اسلام آباد تک آسانی سے رسائی حاصل ہوگی۔ اسی طرح ایبٹ آباد، مانسرہ اور دیگر شہروں سے آنے والوں کیلئے یہ منصوبہ ایک گیٹ وے کے طور پر ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ جانے والے شہریوں کو بھی اس منصوبے سے نمایاں سہولت ملے گی۔

بقیہ 20
وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سرکاری دوروں کے دوران عوام اور خصوصاً طلبہ کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے جس کے بعد ڈی سی جہلم کو عہدے سے ہٹانے کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وی وی آئی پی دورے کو جواز بنا کر امتحانات ملتوی کرنے کی کوشش پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا کو ان کے عہدے سے ہٹا دیا ہے اور اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بتایا کہ ڈی سی جہلم نے وی وی آئی پی وزٹ کی وجہ سے کمپیوٹر سائنس کے ضمنی امتحان کو ملتوی کرنے کی کوشش کی جو کہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ صریح ہدایات کی واضح خلاف ورزی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے سخت موقف اختیار کرتے ہوئے واضح کیا کہ کسی بھی اعلیٰ شخصیت یا سکیورٹی وزٹ کے دوران عام عوام اور بالخصوص طالب علموں کو کسی بھی قسم کی تکلیف یا تعلیمی حرج کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کے مستقبل اور امتحانات پر ایسے جواز بنا کر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ حکومتی احکامات اور پالیسی کی خلاف ورزی پر فوری ایکشن لیتے ہوئے پنجاب حکومت نے ڈی سی جہلم میر رضا کو ان کے عہدے سے معطل/ہٹاتے ہوئے اسٹیبلشمنٹ رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔

بقیہ 21
رکھنے کا بھی اظہار کیا۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک بیان میں فرخ خان کھوکھر نے کہا ہے کہ وہ مولانا فضل الرحمان کے پاک فوج سے متعلق سخت بیانات سے اتفاق نہیں کرتے اور اسی اختلاف کی بنیاد پر جمعیت علمائے اسلام (ف) سے علیحدگی اختیار کرنے کا اعلان کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ، ان کے والد اور ان کا ادارہ ہمیشہ پاک فوج اور پاکستان کے دیگر قومی اداروں کے ساتھ کھڑے رہے ہیں اور ان اداروں کے ساتھ ان کی وابستگی برقرار رہے گی۔ فرخ خان کھوکھر نے اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی شخص پاک فوج یا قومی اداروں کے خلاف بات کرے گا وہ اس سے لاتعلقی اختیار کریں گے۔

بقیہ 22
افراد پر اسرائیل اور امریکا کے لیے کام کرنے کے الزامات بھی تھے۔ واضح رہے کہ رواں سال کے آغاز میں ایران کے مختلف شہروں کی بڑی یونیورسٹیز میں مظاہرے کیے گئے تھے۔

بقیہ 23
بینڈ اولیسن نے ریکارڈ حاصل کرنے کیلئے باضابطہ کوشش 9 ستمبر کو کی اور 105.9 ڈیسی بل کی آواز سے اوییز کا نعرہ بلند کیا، اس کامیابی پر انہیں دو عالمی ریکارڈز سے نوازا گیا، سب سے بلند آواز والی خاتون ٹاؤن کرائر اور خواتین کی کیٹگری میں کسی فرد کی جانب سے بلند ترین چیخ کا ریکارڈ ہے۔ اوییز ایک ایسا لفظ ہے جو عام طور پر ٹاؤن کرائرز عوامی اعلانات کے دوران استعمال کرتے ہیں، اس کا مطلب ہے سنیے یا توجہ فرمایئے اور اس کی اصل اینگلو نارمن یا قدیم فرانسیسی زبان سے ملتی ہے۔ بریندا ولیسن نے بتایا کہ ان کے خیال میں ریکارڈ بنانے کی اس باضابطہ کوشش کے دوران ان کی آواز اپنی ممکنہ بلند ترین سطح تک نہیں پہنچی تھی۔ واضح رہے انہوں نے 1987 میں پیٹربورو کی ٹاؤن کرائر کے طور پر اپنی ذمہ داریاں سنبھالی تھیں اور تب سے اس شعبے سے وابستہ ہیں۔

بقیہ 24
کی خصوصی ہدایت پر محکمہ وائلڈ لائف ضلع میانوالی کی جانب سے ان نایاب جنگلی حیات کو تحفظ دینے کیلئے ان کی باقاعدہ دیکھ بھال شروع کر رکھی اور ان کے شکار پر مکمل پابندی عائد ہے، محکمہ وائلڈ لائف ضلع میانوالی کے مطابق اگر کوئی غیر قانونی شکار کرتے ہوئے پکڑا گیا تو اس کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی عمل لائی جاتی ہے، اڑیال، ہرن، سیاہ اور بھورے تیتر اور خوبصورت جنگل حیات داؤدخیل کے پہاڑی سلسلہ کا حسین امتزاج ہے، داؤدخیل سے دس، پندرہ کلومیٹر مشرق میں واقع علاقہ جابہ اپنے نایاب جنگلی حیات پنجاب اڑیال کیوجہ سے سے خصوصی پہچان رکھتا ہے، ہر سال ٹرافی ہنٹنگ کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں ملکی اور غیرملکی سیاحوں کی بڑی تعداد شریک ہوتی ہے۔

بقیہ 25
سے بھی قاصر ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی بینک اور سرکاری اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں غربت کی شرح 2018-19 کے 21.9 فیصد سے بڑھ کر 2024-25 میں 28.9 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور تقریباً 7 کروڑ افراد غربت کا شکار ہیں، دیہی علاقوں میں غربت کی شرح 36.2 فیصد جبکہ شہری علاقوں میں 17.4 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔ سرکاری سروے کے مطابق ملک کے 24.35 فیصد گھرانے غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں، جبکہ 5.04 فیصد گھرانوں کو شدید غذائی عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب خاندانوں کے لیے بجلی، گیس، آٹا، چینی، دالیں اور ادویات کی خریداری بھی مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ حکومت مستحق خاندانوں کو ماہانہ بنیادوں پر براہ راست مالی امداد، سستے راشن اور بنیادی اشیائے ضروریہ پر خصوصی سبسڈی فراہم کرے۔ کم آمدن والے افراد کے لیے بجلی اور گیس کے بلوں میں ریلیف دیا جائے جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں مفت علاج اور بچوں کے لیے مفت تعلیم یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو ہنر سکھانے، چھوٹے کاروبار کے لیے بلا سود قرضے دینے اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ غربت کے خاتمے کے لیے امدادی پروگراموں کے بجائے مستقل روزگار، منصفانہ اجرت اور عام آدمی کی قوت خرید میں اضافے کو قومی ترجیح بنایا جائے۔

بقیہ 26
ینبع گورنریٹ کے تمام متعلقہ طلبہ وطالبات کو گھروں سے تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس فیصلے کا اطلاق صرف طلبہ تک محدود نہیں بلکہ اسکولوں کے تدریسی اور انتظامی عملے پر بھی ہوگا۔ اعلان میں واضح کیا گیا ہے کہ تمام طلبہ اور طالبات آن لائن کلاسز میں شرکت کریں گے۔ اساتذہ اور اسکولوں کا انتظامی عملہ بھی فیصلے کے دائرہ کار میں شامل ہوگا۔ تدریسی سرگرمیاں مدرستی پلیٹ فارم اور دیگر منظور شدہ تعلیمی پلیٹ فارمز کے ذریعے جاری رہیں گی۔ سعودی وزارت تعلیم کے منظور شدہ ڈیجیٹل تعلیمی نظام کے تحت طلبہ اپنی کلاسز، اسباق اور تعلیمی سرگرمیاں آن لائن جاری رکھ سکیں گے۔

بقیہ 27
میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشتگرد مارے گئے۔ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 28
اور اوراا ایگزیبٹ کے اشتراک سے ویسٹن ڈھاکہ میں کیا گیا، جو 7 نومبر کو شام 7 بجے تک جاری رہی۔ اس موقع پر ہائی کمشنر عمران حیدر نے پاکستان اور بنگلادیش کے معروف ڈیزائنرز سے ملاقات کی اور ان کے فن، مہارت اور نفیس دستکاری کو سراہا۔ عمران حیدر نے نمائش میں شریک تمام افراد کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے مشترکہ اقدامات دونوں ممالک کے درمیان کاروباری روابط کو مزید مضبوط بنانے اور عوامی سطح پر تعلقات کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔

بقیہ 29
نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں کانسٹیبل سعادت موقع پر ہی شہید ہوگئے جبکہ زخمی بیٹے کو ڈی آئی خان منتقل کیا گیا، جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا، باپ بیٹے کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 30
چھوڑ رہے ہیں اور امریکی وزیر دفاع ہیگسیتھ کو نوکری سے نکالا جانیوالا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سینٹکام کمانڈر پوڈ کاسٹر بن چکے، واشنگٹن میں کسے اپنا پیغام پہنچائیں کہ جنگ چھیڑنے کا انجام تباہ کن ہوگا۔

بقیہ 31
شہروں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں کیپٹن سرور شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا وہ پاک فوج کے وہ شہید تھے جنہیں بعد از شہادت پاکستان کا پہلا نشان حیدر عطاء کیا گیا۔ کیپٹن سرور شہید 10 نومبر 1910ء کو راولپنڈی کے علاقہ گوجرخان میں پیدا ہوئے انہوں نے 27 جولائی 1948ء کو آزاد کشمیر کے محاذ پر مادر وطن کی حفاظت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا وہ پاک فوج کے وہ ہیرو تھے جنہیں بعد از شہادت پہلا نشان حیدر عطاء کیا گیا۔

بقیہ 32
ورکرز 22 سالہ ارمان اور 35 سالہ عدیل متاثر، سانس لینے میں دشواری کا سامنا۔ ریسکیو اہلکاروں نے متاثرہ ورکرز کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد THQ ہسپتال چک جمرہ منتقل کر دیا واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، آگ پر مکمل قابو پالیا گیا، وجہ معلوم کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 33
واش کے کام جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 34
جانب سے 100 من دودھ منگوا کر چائے بنائی گئی، چائے میں بادام، پستہ، سبز الائچی سمیت دیگر ڈرائی فروٹس کا استعمال کیا گیا۔ منتظمین نے کہا کہ ہر سال کی طرح امسال بھی شرکائے اجتماع کی بھرپور خدمت کی جا رہی ہے، استقبالیہ کیمپ میں مہمانوں کو کھانا پیش کیا جا رہا ہے جبکہ ریلوے اسٹیشن پلیٹ فارم نمبر دو اور تین کے درمیان چائے کی سبیل لگائی گئی ہے، اجتماع سے فراغت کے بعد اپنے علاقوں کو واپس جانے والے مہمانوں کو چائے پلائی جاتی ہے اور ساتھ لے جانے کیلئے بھی انتظامات کئے جاتے ہیں تا کہ اللہ کے راستے میں نکلنے والے مہمانوں کی اچھی انداز میں تواضع ہو سکے۔

بقیہ 35
ہیں۔ غزہ کے سرکاری میڈیا آفس نے بتایا کہ گزشتہ 12 گھنٹوں کے دوران کم از کم 70 ہزار خیمے بارش کے پانی کی زد میں آ چکے ہیں جس سے دسیوں ہزار بے گھر افراد متاثر ہوئے ہیں۔ غزہ کی سول ڈیفنس سروس کا کہنا تھا کہ انہیں بے گھر ہونے والے شہریوں کی جانب سے مدد کے لیے متعدد کالز موصول ہوئی ہیں۔

بقیہ 36
کر لیا گیا تاہم ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تا حال موثر عملی اقدامات نہ ہونے کے باعث شہری مشکلات کا شکار ہیں، پانی اور چارے کی قلت نے تھر کے باسیوں کو پریشان کر دیا ہے۔

بقیہ 37
گرام ہیروئن کی برآمدگی بھی ریکارڈ پر موجود نہیں۔ فاضل جج نے وکیل کے دلائل سننے کے بعد ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 38
لیگ (ن) نے عملی عوامی خدمت سے خود کو حقیقی عوامی دوست سیاسی جماعت ثابت کیا ہے، حکومت مخالف سازشیں کرنے والے ناکامی سے دوچار ہیں کیونکہ پاکستانی قوم مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر بھرپور اعتماد رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مفادات کی خاطر اپنی سیاست قربان کر کے قائد نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف نے ثابت کیا کہ وہ حقیقی محب وطن لیڈر ہیں اور ملک وقوم کے مفاد کیلئے ہر قربانی دینے کا حوصلہ رکھتے ہیں، جس طرح مسلم لیگ (ن) نے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا اسی طرح مربوط لائحہ عمل کے تحت معاشی استحکام یقینی بنایا جا رہا ہے جس کے ثمرات قوم کے سامنے ہیں۔ مسلم لیگی رہنما بیگم چاند بی بی نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا گڈ گورننس اور کارکردگی میں کسی دوسرے صوبے سے موازنہ نہیں کیا جا سکتا، وزیراعلیٰ پنجاب عوام دوست منصوبے متعارف کروا رہی ہیں جن میں عوام کی سفری سہولیات کیلئے ماحول دوست الیکٹرک گرین بس سروس، کسانوں کیلئے گرین ٹریکٹر سکیم، نوجوانوں کیلئے گرین ہیوی بائیکس جیسے پروگرامز شامل ہیں۔ مریم نواز شریف کی محنت اور کارکردگی دیکھ کر دیگر صوبوں کے عوام دعائیں کر رہے ہیں کہ کاش ایسا وزیراعلیٰ انہیں بھی مل جائے، پنجاب میں ترقیاتی عمل نے تمام ادوار کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

بقیہ 39
عملی کارکردگی اور عوامی خدمت کو اہمیت دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور مقامی مینوفیکچرنگ کا فروغ ملکی معیشت کے استحکام کیلئے ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبودی سہولیات کی فراہمی اور صوبے کو تعمیر و ترقی و خوشحالی کے راہ پر گامزن کرنے کیلئے مختلف شعبوں میں اقدامات کر رہی ہے، حکومت کی ترجیحات میں عام آدمی کو ریلیف دینا، مہنگائی کے اثرات کم کرنے کی کوششیں، صحت و تعلیم کی سہولتوں میں بہتری نوجوانوں کیلئے مواقع پیدا کرنا اور شہری و دیہی علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کو فروغ دینا شامل ہے۔ مسلم لیگی رہنما ملک سجاد نے مزید کہا کہ قومی سیاست میں متحرک سیاسی قیادت کے مابین تلخیاں ریاست کیلئے زہر قاتل ہیں، سیاستدانوں کے درمیان بلیم گیم یقیناً ریاست اور معیشت کیلئے منفعت بخش نہیں، تعمیر ریاست کیلئے ایوانوں اور میدانوں میں اصولی اور تعمیری ریاست کو فروغ دیا جائے، یہ سیاسی قیادت کے درمیان تناؤ تصادم کا وقت نہیں، سیاسی و معاشی استحکام کیلئے سیاسی قیادت کے درمیان مشاورت ناگزیر ہے، سیاسی عناد اور عداوت میں ریاست کیلئے اظہار نفرت ہرگز قابل برداشت نہیں بلکہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اچھی یا بری ہو سکتی ہے لیکن ریاست ہمیشہ ماں جیسی ہوتی ہے، حکمرانوں کے بارے میں ہمیں اپنی پسند و ناپسند کا اظہار کرنے کا حق حاصل ہے لیکن کسی فرد کو ماں جیسی ریاست کیخلاف ہرزہ سرائی کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

بقیہ 40
ہیں۔ ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 41
پیداوار میں اضافہ ممکن بنایا جا سکے، کاشتکار گندم کی کاشت کیلئے غیر تصدیق شدہ بیج اور گزشتہ فصل سے گھروں میں محفوظ کیے گئے روایتی بیج کے بجائے پنجاب سیڈ کارپوریشن کا تصدیق شدہ اور معیاری بیج استعمال کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ معیاری بیج فصل کی بہترین نشوونما اور بیماریوں کے خطرات میں کمی کے حوالے سے اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کاشتکاروں کو معیاری بیج کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے اور ادارے کے تصدیق شدہ بیج سیلز سینٹرز اور مجاز ڈیلرز کے ذریعے دستیاب ہیں۔ انہوں نے کاشتکاروں کو مشورہ دیا کہ وہ خریداری کے وقت بیج کی قسم، تصدیقی ٹیگ اور معیار کی تفصیلات ضرور چیک کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صرف گندم ہی نہیں بلکہ دیگر چارہ جات، سبزیوں، دالوں اور دھان کی کاشت کیلئے بھی روایتی طور پر گھروں میں محفوظ کیے گئے بیجوں کے بجائے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے معیاری بیجوں کو ترجیح دی جائے۔ معیاری بیج کا انتخاب بہتر زرعی پیداوار، غذائی تحفظ اور کاشتکاروں کی آمدن میں اضافے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ عملہ فی الفور متحرک ہو کر کسانوں سے رابطے بڑھائے اور گندم کی بوائی کے حوالے سے بھرپور رہنمائی کی جائے۔

بقیہ 42
کے پاس آؤٹ ہونے والے جوان ایک نئے دور کے سپاہی ہیں، انہیں قانون کی بالادستی، امن وامان کے قیام اور ملک کی خدمت کی ذمہ داریاں تحمل، نظم و ضبط اور ایمانداری کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک سو سال سے زائد پرانی فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، سرکاری تنصیبات کی حفاظت یا امن وامان برقرار رکھنے کی ذمہ داری یہ فورس ہمیشہ صفِ اول میں رہی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ جوانوں کی تربیت اور صلاحیتوں میں اضافے کے لیے عملی اقدامات کیے گئے ہیں جن میں اکیڈمی میں 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی، بہتر سہولیات، عربی اور انگریزی زبان کے کورسز، ایس ایس جی جیسے ایلیٹ فورس کے انسٹرکٹرز اور جدید ہتھیاروں کی تربیت شامل ہے۔

بقیہ 43
سائنس نے خبر کو یکسر من گھڑت قرار دیدیا اور کہا کہ اخبار کا یہ اقدام لوگوں کی توجہ اپنی جانب کھینچنے کی کوشش ہے۔

بقیہ 44
ساڑھے 17 کلوگرام سے زائد آئس اور 10 ہزار 744 لیٹر شراب برآمد کی۔ راولپنڈی پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جبکہ شہریوں کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پولیس ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 45
جانب سے مسافروں سے گزارش ہے کہ مزید رہنمائی اور معلومات کے لیے براہِ راست بارڈر ہیلتھ مینجمنٹ سے رابطہ کریں۔

بقیہ 46
کر رہا ہے، لیکن وہ ناکام رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اپنے پڑوسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور ان روابط کے لیے ہمارے پاس مختلف راستے موجود ہیں؛ امریکا اتنا کمزور ہے کہ وہ ان راستوں کو بند نہیں کر سکتا۔

بقیہ 47
کم کرنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بات چیت کی۔ سعودی وزیر خارجہ نے مصری ہم منصب بدر عبدالعاطی سے بھی ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں خطے کی مجموعی صورتحال اور امن و استحکام کے قیام کیلئے جاری سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ سے گفتگو میں علاقائی معاملات پر مشاورت اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے سفارتی تعاون جاری رکھنے کی اہمیت اجاگر کی گئی۔

بقیہ 48
90 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ کمرشل بینکوں کے زرمبادلہ ذخائر میں بھی بہتری آئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق فروری 2026 میں مغربی ایشیاء میں تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 5 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ مرکزی بینک کے اپنے ذخائر فروری میں 16.568 ارب ڈالر تھے جو 30 اکتوبر تک بڑھ کر 21.56 ارب ڈالر ہو گئے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری سے روپے کی قدر کو مستحکم رکھنے میں مدد ملی ہے جبکہ برآمد کنندگان کو بھی اپنی آمدن بروقت پاکستان منتقل کرنے کے حوالے سے اعتماد حاصل ہوا ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے کے باوجود ملک کو اب بھی تجارتی خسارے کا سامنا ہے۔ مالی سال 2027 کے پہلے چار ماہ کے دوران تجارتی خسارہ 14.6 ارب ڈالر رہا اس عرصے میں درآمدات کا حجم 26 ارب ڈالر جبکہ برآمدات 11.4 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔ مالیاتی تجزیہ کاروں کے مطابق پاکستانی روپے کے استحکام اور زرمبادلہ کی دستیابی میں بہتری کی بڑی وجوہات میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر میں اضافہ شامل ہے۔

بقیہ 49
کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی محافل کا انعقاد کیا جائے گا جبکہ مختلف سیاسی جماعتوں اور تنظیموں کی جانب سے خصوصی تقریبات اور سیمینارز بھی منعقد ہوں گے جن میں مقررین علامہ اقبال کی زندگی شاعری اور پاکستان کے قیام کے لئے جدوجہد پر روشنی ڈالیں گے۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان بھی یوم اقبال کے موقع پر بند رہیں گے۔

بقیہ 50
پر حل کیے جائیں اور تمام سروسز کی فراہمی میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور عزت واحترام سے پیش آیا جائے، ان کی رہنمائی اور معاونت میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ پولیس خدمت مراکز عوام کو بہترین سہولیات فراہم کرنے اور پولیس وعوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، عوامی خدمت میں غفلت یا لاپرواہی کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ 51
کرنے کے بعد علاقائی پانیوں سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔ واضح رہے کہ امریکی سینٹکام نے جولائی سے آبنائے ہرمز میں ایرانی بندرگاہوں پر سخت بحری ناکہ بندی نافذ کر رکھی ہے۔ اس فوجی مہم کے نتیجے میں امریکی فورسز اب تک 147 تجارتی جہازوں کا رخ موڑ چکی ہیں، جبکہ وارننگز اور احکامات ماننے سے انکار کرنے والے 5 تجارتی جہازوں کو نشانہ بنا کر ناکارہ بنایا جا چکا ہے۔

بقیہ 52
کار، قانونی تقاضوں اور لائسنس کے بغیر گاڑی چلانے سے متعلق قوانین پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس افسران کا کہنا تھا کہ روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی اور شہریوں میں ٹریفک قوانین کی پابندی کا شعور اجاگر کرنے کے لیے تعلیمی اداروں میں ایسے سیشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تا کہ حادثات کی روک تھام اور محفوظ سفری ماحول کو فروغ دیا جا سکے۔

بقیہ 53
ڈاینا، براہ کرم یہ عہدہ قبول کر لیں۔ واضح رہے کہ اکتوبر میں کیٹی زکریا کے مستعفی ہونے کے بعد سے پریس سیکریٹری کا عہدہ خالی ہے۔

بقیہ 54
موقع پر ہی دم توڑ چکا تھا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت محمد ثقلین ولد محمد یوسف، عمر تقریباً 40 سال، سکنہ گاں چکرال ضلع چکوال کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے ضروری کارروائی کے بعد لاش ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چکوال منتقل کر دی۔

بقیہ 55
خوف و ہراس پھیل گیا۔ بہاولنگر کے تھانہ تحت محل کی حدود میں واقع گاں جسینکا میں 12 سالہ طالبہ ریحانہ مدرسے میں پڑھنے کے لیے گھر سے نکلی تو راستے میں آوارہ کتوں کے ایک غول نے اس پر حملہ کر دیا۔ کتوں نے بچی کو بری طرح بھنبھوڑ ڈالا، جس کے باعث وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ کمسن بچی کی المناک موت نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ دوسری جانب آوارہ کتوں کے خاتمے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے جاری مہم کی افادیت پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ تھانہ تحت پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 56
بھی جاری کی گئی ہیں۔ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 57
سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا کہنا تھا کہ واقعے کا مقدمہ درج کیا جا رہا ہے اور تفتیش میرٹ پر یقینی بنائی جائے گی۔

وزیراعلیٰ مریم نواز کے دورہ جہلم و پنڈ دادنخان کی تیاریاں

مریم نواز کے دورہ جہلم و پنڈ دادن خان کے موقع پر مارکیٹیں اور کاروباری مراکز بند نہیں ہوں گے، شہریوں کی آمدورفت بھی برقرار رہے گی

وزیراعلیٰ پنجاب کی آر پی اوز، ڈی پی اوز، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو واضح ہدایات، سیکیورٹی کے نام پر رہائشی گلیاں سیل کرنے پر بھی پابندی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس): وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے متوقع دورہ جہلم و پنڈ دادن خان کے حوالے سے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ دورے کے دوران کوئی مارکیٹ، دکان یا کاروباری مراکز بند نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی شہریوں کی آمدورفت روکی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے تمام ریجنل پولیس افسران (آر پی اوز)، ڈسٹرکٹ پولیس افسران (ڈی پی اوز)، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ ان کے دورے کے باعث کسی بھی مارکیٹ، دکان، کاروبار یا دیگر تجارتی سرگرمیوں کو بند یا معطل نہ کیا جائے۔ مریم نواز (بقیہ نمبر 1)

کیمیکل فیکٹری میں آتشزدگی، دھوئیں کے باعث دو ورکرز متاثر

کیمیکل کے دھوئیں سے دو ورکرز 22 سالہ ارمان اور 35 سالہ عدیل متاثر

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد چک جمبرہ، ایف آئی ڈی ایم سی میں الرحمان کیمیکل فیکٹری میں زائلین کیمیکل کے ڈرموں میں آگ بھڑک اٹھی۔ ریسکیو 1122 کو اطلاع ملتے ہی فائر فائٹنگ ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں ریسکیو ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک کنال کھلے احاطے میں لگی آگ پر قابو پا لیا۔ کیمیکل کے دھوئیں سے دو (بقیہ نمبر 2 3)



فیروزوالہ: دواسا کوچوک، کوٹ عبدالمالک شیخوپورہ روڈ پر ستھرا پنجاب اتھارٹی کے اہلکار سڑک کی دھلائی میں مصروف ہیں

شرکاء کے لئے 100 من دودھ سے چائے تیار کی گئی

چائے میں بادام، پستہ، سبز الائچی سمیت دیگر ڈرائی فروٹس کا استعمال کیا گیا

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ عالمی تبلیغی اجتماع کے شرکاء کیلئے 100 من دودھ سے چائے تیار کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ تبلیغی اجتماع سے واپس جانے والے مندوبین کی خدمت کیلئے رائے ونڈ ریلوے اسٹیشن پر مقامی جماعت کی (بقیہ نمبر 4 4)

امریکا کا آئرن گیٹ منصوبہ محض الفاظ کا کھیل ہے، پاسدارانِ انقلاب

امریکہ مختلف عنوانات اور منصوبوں کے تحت ایران کا معاشی محاصرہ کرنیکی کوشش کررہا ہے

تہران (این این آئی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان نے کہا ہے کہ امریکہ کا آئرن گیٹ منصوبہ محض الفاظ کا کھیل ہے، ایران کا زمینی راستوں سے محاصرہ کرنے کا امریکی منصوبہ بھی غیر اہم ہے۔ ترجمان حسین مجمی کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا کہ امریکہ مختلف عنوانات اور منصوبوں کے تحت ایران کا معاشی محاصرہ کرنے کی کوشش (بقیہ نمبر 4 6)



لاہور: صوبائی وزیر کھیل وتوانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر پاک وہیلو 2026 ایکسپو میں موجود گاڑیوں کا معائنہ کررہے ہیں

سرکل گوجرخان میں چوری کی دو وارداتیں، شہریوں میں تشویش

بھمیر کسوال میں پولیس کانسٹیبل کے گھر سے ڈیڑھ لاکھ کے طلائی زیورات اور 40 ہزار روپے چوری، ذرائع

مندرہ کے نواحی گاؤں بُچہ میں پرائمری سکول کے تالے توڑ کر سیکیورٹی کیمرہ اور سرکاری ٹیبلٹ چوری کرلیا گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان کے مختلف علاقوں میں چوری کی وارداتوں میں اضافے نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا۔ ذرائع کے مطابق بھمیر کسوال میں پولیس کانسٹیبل محمد ذکریا کے گھر سے نامعلوم چور تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات اور 40 ہزار روپے نقدی لے اڑے۔ دوسری واردات میں مندرہ کے نواحی علاقے بُچہ میں نامعلوم چوروں نے پرائمری سکول کے تالے (بقیہ نمبر 2)

سعودی وزیر خارجہ کے قطر اور مصر کے ہم منصبوں سے رابطے

علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال، خطے کی تازہ صورتحال، بڑھتی ہوئی کشیدگی میں کمی

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے قطر اور مصر کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ٹیلی فونک رابطے کیے، جن میں خطے کی تازہ صورتحال، بڑھتی ہوئی کشیدگی میں کمی اور امن واستحکام کے فروغ کیلئے سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی وزارت خارجہ کے مطابق شہزادہ فیصل بن فرحان نے قطر کے وزیراعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان آل ثانی سے گفتگو کے دوران علاقائی پیش رفت کا جائزہ لیا اور کشیدگی (بقیہ نمبر 4 7)

پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں ریکارڈ اضافہ

ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 26.846 ارب ڈالر کی سطح پر پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کیز رمبادلہ کے مجموعی ذخائر میں ایک ہفتے کے دوران 110 ملین ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد ملکی زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ کر 26.846 ارب ڈالر کی سطح پر پہنچ گئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر 26.754 ارب ڈالر تھے جن میں ایک ہفتے کے دوران 11 کروڑ ڈالر اضافہ ہوا۔ اسٹیٹ بینک کے اپنے ذخائر میں 3 کروڑ (بقیہ نمبر 4 8)

بہاولنگر، آوارہ کتوں کے حملے نے ایک معصوم بچی کی جان لے لی

12 سالہ طالبہ ریحانہ مدرسے جارہی تھی راستے میں کتوں کے غول نے اس پر حملہ کردیا

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کے نواحی علاقے جسینکا میں آوارہ کتوں کے حملے نے ایک معصوم بچی کی جان لے لی۔ 12 سالہ طالبہ ریحانہ مدرسے میں تعلیم حاصل کرنے جارہی تھی کہ راستے میں کتوں کے ایک غول نے اس پر حملہ کر دیا۔ کتوں نے بچی کو بری طرح نوچ ڈالا، جس کے نتیجے میں وہ جانبر نہ ہوسکی۔ افسوسناک واقعے کے بعد علاقے میں (بقیہ نمبر 5 5)

اڈیالہ روڈ پر فائرنگ سے خاتون جاں بحق، شوہر زیرِ حراست، آلہ قتل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ روڈ پر فائرنگ سے خاتون کے جاں بحق ہونے کے واقعے کی اطلاع ملتے ہی سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے، اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق مقتولہ کے شوہر کو حراست میں لے لیا گیا ہے جبکہ آلہ قتل بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ پی ایف ایس اے کی یمیں موقع سے شواہد اکٹھے کر رہی ہیں جبکہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 5 7)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، چار افراد گرفتار، شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران چار افراد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ کارروائیاں تھانہ صادق آباد، دھمیال، جاتلی اور گوجرخان کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

چکوال پولیس اور میڈیا کے درمیان روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

ڈی پی او محمد عاصم کی میٹ دی پریس، جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیوں میں تیزی

ٹریفک کی بہتری، مؤثر پٹرولنگ اور عوامی شکایات کا فوری ازالہ ترجیحات قرار، فرائض میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی

چکوال (خاور شہزاد سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال محمد عاصم (PSP) کی زیر صدارت پولیس لائنز چکوال میں میٹ دی پریس کا انعقاد کیا گیا، جس میں تحصیل چکوال، تلہ گنگ، کلر کہار، چوآسیدن شاہ اور لاوہ سمیت ضلع بھر سے پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان اور صحافی تنظیموں کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد عاصم نے صحافیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے پولیس (بقیہ نمبر 6)



لاہور: پابندی کے باوجود دریائے راوی کے پل پر صدقے کے گوشت کی فروخت جاری ہے

320 گرام ہیروئن کے مقدمے میں ملزم شک کا فائدہ ملنے پر بری

چکوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امیر مختار گوندل نے منشیات کے مقدمے میں ملوث ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر چکوال پولیس نے عرفان نامی شخص سے 320 گرام ہیروئن برآمد کر کے مقدمے کا چالان عدالت میں پیش کیا تھا۔ ملزم کی جانب سے الماس بابر ایڈووکیٹ نے مقدمے کی پیروی کرتے ہوئے عدالت میں دلائل دیے کہ پولیس کی جانب سے ملزم کی گرفتاری کا پیش کردہ نقشہ درست نہیں جبکہ 320 (بقیہ نمبر 37)

وزیراعظم شہباز شریف مہنگائی کے خاتمے کا پختہ عزم رکھتے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا گڈ گورننس کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا، چاند بی بی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد NA-47 کی جنرل سیکرٹری وسابق ممبر میٹروپولیٹن کارپوریشن چاند بی بی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ حکومت مہنگائی کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے جس کی تکمیل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں، سابق ادوار حکومت کی طرح موجودہ دور حکومت میں بھی مسلم (بقیہ نمبر 38)

مریم نواز کے پنجاب میں کرپشن کیلئے کوئی جگہ نہیں، ملک سجاد

بے بنیاد الزام تراشی کرنیوالے بھی اپنے دعوں کی حقیقت جانتے ہیں، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سئنیر رہنما و سابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پنجاب میں کرپشن کیلئے کوئی جگہ نہیں، بے بنیاد الزام تراشی کرنے والے بھی جانتے ہیں کہ ان کے دعوے کھوکھلے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں پنجاب میں شفافیت، میرٹ اور موثر طرز حکمرانی کو فروغ دیا جارہا ہے، بے بنیاد الزامات کے بجائے (بقیہ نمبر 39)

آڈٹ رپورٹ کے بعد نیاز بھونچال سابق چیئرمین بلدیہ کے بلڈنگ آفیسر پر مبینہ الزامات

وی آئی پی دورے کے باعث طلبہ کو مشکلات سے بچانے کے لیے امتحانی مرکز کی تبدیلی کی درخواست تنازع کا سبب بن گئی

میر رضا اوزگن کو فوری طور پر محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن پنجاب رپورٹ کرنے کی ہدایت، محترمہ اسماء اعجاز نئی ڈپٹی کمشنر تعینات



سابق ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن اور نئی ڈپٹی کمشنر محترمہ اسماء اعجاز کی فائل فوٹو

پنڈ دادن خان (سرفراز عباس): وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی واضح ہدایات کے باوجود عوام کو مشکلات سے بچانے کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ وزیراعلیٰ کے اعلان کے بعد محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن پنجاب نے 8 نومبر 2026ء کو باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن (PAS/BS-19) کو فوری طور پر تبدیل کر دیا اور انہیں مزید احکامات کے لیے متعلقہ محکمے میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی، 18 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش، ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 18 سالہ لڑکے سے مبینہ زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے اشتہاری کو ٹریس کر کے گرفتار کیا۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

گندم کی بوائی میں تاخیر نہ کی جائے، ڈاکٹر فرحان فاروق

تصدیق شدہ معیاری بیج استعمال کریں، ایم ڈی پی ایس سی

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر فرحان فاروق نے صوبہ بھر کے کاشتکاروں پر زور دیا ہے کہ وہ گندم کی بروقت کاشت یقینی بنائیں اور بوائی میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کریں تاکہ فصل کی بہتر نشوونما اور فی ایکڑ (بقیہ نمبر 41)

فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا

امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ہمیشہ صفِ اول رہی، وزیر داخلہ محسن نقوی

چارسدہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، سرکاری تنصیبات کی حفاظت یا امن وامان برقرار رکھنے کی ذمہ داری، یہ فورس ہمیشہ صفِ اول میں رہی۔ اتوار کو شہدر چارسدہ میں فیڈرل کانسٹیبلری کے پیشن پریڈ گراؤنڈ اور اینٹی رائٹ ونگز کی میں پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ فیڈرل کانسٹیبلری (بقیہ نمبر 42)



کراچی: ایک بچہ پرانی کتابیں فروخت کررہا ہے

دس ماہ میں راولپنڈی پولیس نے 1804 منشیات سپلائرز گرفتار کرلئے

راولپنڈی (این این آئی) رواں سال کے پہلے دس ماہ کے دوران راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 1786 مقدمات درج کر کے 1804 منشیات سپلائرز کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1 ٹن 287 کلوگرام سے زائد 1288.613 (کلوگرام) چرس، ساڑھے 6 کلوگرام سے زائد ہیروئن، (بقیہ نمبر 4 4)

امریکی فوج نے ایران سے آنیوالے بحری جہاز کو حملہ کرکے ناکارہ بنادیا

جہاز کے سویلین عملے نے بار بار دی جانے والی وارننگز کو نظر انداز کیا اسلئے حملہ ضروری تھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے کہا ہے کہ اس نے آج خلیج عمان میں ایک تجارتی بحری جہاز کو کارروائی کر کے ناکارہ بنا دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں دعوی کیا گیا کہ جہاز کے سویلین عملے نے بار بار دی جانے والی وارننگز کو نظر انداز کیا اور ایران پر امریکا کی جانب سے عائد کی گئی بحری ناکہ بندی کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش کی۔ سینٹ کام نے بتایا کہ امریکی فوجی طیارے نے "سینٹ کنس" کے پرچم بردار کارگو جہاز "ایم اوی ہدی" کے پچھلے حصے پر گائیڈڈ گولہ بارود فائر کیے تاکہ اسے ناکارہ کیا جاسکے۔ یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب امریکی فورسز کی جانب سے عملے کو متعدد بار اس سمندری حدود سے نکلنے کی ہدایت دی گئی لیکن انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا۔ اطلاعات کے مطابق یہ کارگو جہاز ایک ایرانی بندرگاہ کا دورہ (بقیہ نمبر 51)

انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی میں روڈ سیفٹی آگاہی سیشن

تعلیمی اداروں میں ایسے سیشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا،

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں طلبہ کے لیے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس میں طلبہ کو ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ اور ڈرائیونگ لائسنس کے قانونی تقاضوں سے آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سیشن کے دوران طلبہ کو سڑکوں پر ذمہ دارانہ رویے کی اہمیت، ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے طریقہ (بقیہ نمبر 52)



صوبائی وزیر کھیل وتوانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر پاک وہیلو 2026 ایکسپو کا افتتاح کررہے ہیں

امریکی اخبار کی خبر لوگوں کی توجہ اپنی جانب کھینچنے کی کوشش ہے، گورنر فلوریڈا کی تردید

فلوریڈا (این این آئی) فلوریڈا کے ری پبلکن گورنر ران ڈی سانٹیس نے دوبارہ صدارتی امیدوار بننے کی تیاری شروع کردی۔ امریکی اخبار کا دعوی ہے کہ ران ڈی سانٹیس 2028 اٹھانا چاہتے ہیں۔ ڈی (بقیہ نمبر 43)

گورنر فلوریڈا کی امریکی صدارتی امیدوار بننے کی تیاری



شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں ایک محنت کش نوجوان گاہکوں کی توجہ کے لیے دکان پر پاور ٹولز سجا رہا ہے

غزہ میں بے گھر افراد کے ہزاروں خیمے پانی میں ڈوب گئے

بعض متاثرین نے متبادل جگہ ملنے پر سامان اور اہلِ خانہ کو منتقل کردیا

غزہ (این این آئی) غزہ میں شدید بارش نے اسرائیلی حملوں کے باعث بے گھر فلسطینی خاندانوں کی مشکلات مزید بڑھا دیں۔ بارش کا پانی خیموں اور سڑکوں پر جمع ہوگیا جس سے عارضی پناہ گاہیں بارش کے پانی میں ڈوب گئیں۔ بعض متاثرین نے متبادل جگہ ملنے پر سامان اور اہلِ خانہ کو منتقل کردیا جبکہ کئی فلسطینی خیموں میں پانی بھر جانے کے باعث بے بسی کی تصویر بنے بالٹیوں سے خیموں کا پانی نکالتے رہے۔ اسرائیلی کارروائیوں میں بنیادی ڈھانچے کی تباہی کے باعث فلسطینی مسلسل تیسرا موسم سرما بے سروسامانی میں گزارنے پر مجبور (بقیہ نمبر 35)

تھرپارکر میں خشک سالی، مال مویشی سمیت خاندانوں کی نقل مکانی جاری

حکومت کے آفت زدہ قرار دینے کے فیصلے کے باوجود عملی اقدامات کا انتظار ہے

تھرپارکر (این این آئی) تھرپارکر میں خشک سالی نے صورتحال سنگین کردی، مال مویشی کے لیے چارے کی شدید قلت پیدا ہوگئی۔ خشک سالی کے باعث خاندانوں کی مال مویشی سمیت بیراجی علاقوں کی جانب نقل مکانی میں تیزی آگئی، تھرپارکر کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی بھی شدید قلت ہے، چارہ دستیاب نہ ہونے سے مال مویشی پالنے والوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ سندھ حکومت کی جانب سے تھرکو آفت زدہ قرار دینے کا فیصلہ تو (بقیہ نمبر 36)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

وزیراعلیٰ کی ہدایات نظرانداز کرنا ڈپٹی کمشنر جہلم کو مہنگا پڑ گیا

شاہد صراف کا دو کروڑ سے زائد فیسیں جمع کرانے اور بغیر نوٹس پلازہ سیل کرنے کا دعویٰ، انعام مصطفیٰ نے الزامات مسترد کردیے

راتوں رات سیلنگ اور ڈی سیلنگ کے کمک مکا پر شہریوں کا اظہار تشویش، وزیراعلیٰ پنجاب سے کرپٹ مگرمچھوں کے خلاف تحقیقات کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) جی ٹی روڈ پر واقع کمرشل منصوبے دی مال آف گوجرخان کو سیل کرنے کے بعد ڈی سیل کیے جانے کا معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا۔ سابق چیئرمین بلدیہ گوجرخان حاجی محمد شاہد صراف نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے اپنے ویڈیو بیان میں بلدیہ کے بلڈنگ آفیسر انعام مصطفیٰ پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ان کے بیٹے جمشید سے رقم طلب کی جاتی رہی، جبکہ پلازہ بھی بغیر پیشگی تحریری نوٹس کے سیل کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ مختلف سرکاری فیسوں کی مد (بقیہ نمبر 4)

ٹرمپ کی یو ایف سی سربراہ ڈینا وائٹ کو پریس سیکرٹری بننے کی پیشکش

ہمیں ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو بائیں بازو کے پاگلوں سے ہمارا دفاع کرسکیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یو ایف سی کے سربراہ ڈینا وائٹ کو وائٹ ہاؤس کے پریس سیکریٹری کے عہدے کی پیشکش کردی۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈینا وائٹ ایسے پریس سیکریٹری ہوں گے جن کا کوئی ثانی نہیں ہوسکتا، ہمیں ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو بائیں بازو کے پاگلوں سے ہمارا دفاع کرسکیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ میں نے ان سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے ساتھ چند معاونین بھی لائیں، جن میں اسلام ماخاچیف، خبیب نورماگو میدوف، جسٹن گیٹی ڈینیل کورمیئر، اماٹڈ ٹونیز اور کیلا ہیرس شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 53)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-

گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کے موثر انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے ہیں جبکہ سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے جبکہ عبادت کے لیے آنے والے افراد کی سیکورٹی یقینی بنانے کے ساتھ پولیس اہلکاروں کو ان سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایات (بقیہ نمبر 56)



خانہ بدوش بچے منڈی میں مختلف مقامات سے اکٹھی کی گئی سبزیاں فروخت کرنے کیلئے بیٹھے ہیں

شادی شدہ خاتون کو ہراساں کرنے کا الزام مقدمہ درج

گلیانہ میں نوجوان پر خاتون کو ویران مقام پر لے جا کر زبردستی روکنے اور ہراساں کرنے کی کوشش کا الزام

متاثرہ خاتون کے شوہر کی درخواست پر پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان کے علاقے گلیانہ میں شادی شدہ خاتون کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے اور زبردستی روکنے کی کوشش کے الزام میں نوجوان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کو دی گئی درخواست میں حامد نے مؤقف اختیار کیا کہ اس کے چھوٹے بھائی محمد عمر کو اس کی اہلیہ کو موٹر سائیکل پر شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے لینے بھیجا گیا تھا۔ تاہم ملزم مبینہ طور پر خاتون کو گھر لے جانے کے بجائے ایک ویران مقام پر لے گیا، جہاں زبردستی ہاتھ پکڑ کر روکنے اور ہراساں کرنے کی کوشش کی۔ متاثرہ خاتون نے گھر واپس پہنچ (بقیہ نمبر 3)